website and also our research activities and policy seminars. Mr. Chairman, this report is extremely important because we had close interaction with the Pakistan Navy. We also had a good interaction with the Army and the Air Force. We visited Ormara and Gwadar with all the members and then focused on the situation in the Balochistan. This report contains a very important and for the first times a media workshop on the Defence budget which we organized with the Ministry of Defence.

So, we are trying to be the bridge between the Armed forces and the political forces through parliament and also the bridge between the media and military. Something which this country needs very badly and I wish to thank the Secretariat. Thank you sir, thank to my colleagues, my Staff Director, my Secretary, my research people and above all my members for all their cooperation for the successful activities of the Senate Defence Committee including specially Haji Adeel *sahib*, Senator Babar *sahib*, Senator Rafiq Rajwana *sahib* and all others who took part. There has been no cost to the Senate for the publication of this report sir.

Mr. Chairman: The report stands presented. Copies of the report may be laid on the table. Thank you. Shaikh Aftab Ahmed, Minister of State for Parliamentary Affairs may move Item No. 4.

Laying of Annual Report of the NEC 2012-13

Shaikh Aftab Ahmed: Sir, with your permission I want to lay before the Senate the Annual Report of the National Economic Council for the

Financial Year 2012-13, as required under clause (5) of Article 156 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. Thank you.

Mr. Chairman: The report stands presented, copies of the report may be laid on the table. Shaikh Aftab Ahmed, Minister of State for Parliamentary Affairs may move Item No. 5.

Laying of Annual Report on the Observance and Implementations of the Principles of Policy

Shaikh Aftab Ahmed: Sir, with your permission I want to lay before the Senate the Annual Report on the Observance and Implementation of the Principles of Policy in relation to the affairs of the Federation for the year 2011-2012 as required under clause (3) of Article 29 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. Thank you sir.

Mr. Chairman: The report stands presented, copies of the report may be laid on the table. Mian Raza Rabbani *sahib*, on point of order.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, through you I would request the Minister not to move Item No. 7 for the simple reason that Item No. 8 is a commenced motion and if the debate on the vote of thanks of the President starts then no other business can be taken up. So let the motion be talked out today and then on the 18th the Minister can lay this motion.

---T08----آگے

T08-12AUG2014.....FANI\ED(Zafar).....12.40PM

Mr. Chairman: Leader of the House.

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq(Leader of the House): Thank you sir. It was agreed earlier that the other business may be concluded first and then this motion could be put up.

Mr. Chairman: So, there is no need to move this motion.

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: No sir.

Mr. Chairman: Now we move to Item No.8 regarding further discussion on the following motion moved by Mian Raza Rabbani on 11th August, 2014:-

> "The House may discuss the issue of imposition of Article 245 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973 in the Federal Capital Territory and the emerging political situation."

Yes, Taj haider *Sahib*. Let's come to a decision that Rule provide that ten minutes for the members and fifteen minutes for the Parliamentary leaders. Yes, Taj Haider *Sahib*.

Discussion Started by Senator Taj Haider on the Commenced Motion Moved by Senator Mian Raza Rabbani Regarding Imposition of Article-245

سینیٹر تاج حیدر: شکریہ جناب چیئرمین! بہت سی تقاریر ہوئی ہیں اور ان تقاریر میں بہت تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ میں ان باتوں کو نہیں دہراؤں گا جو پہلے یہاں پر کی گئیں لیکن اتنا ضرور عرض کروں گا کہ یہ تشویش جو ممبران کی طرف سے یہاں ظاہر کی جارہی ہے یہ اس بڑے بحران کی نشاندہی کرتی ہے جو اس وقت ملک میں پایا جارہا ہے اور اس تشویش کا اظہار کرتی ہے جو عوام محسوس کر رہے ہیں۔

جناب والا! ممبران حزب اختلاف اس مسئلے پر انتہائی سنجیدگی اور انتہائی تشویش کے ساتھ بات کر رہے ہیں شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ جمہوریت، آزادی، انسانی حقوق کی قدر و قیمت وہ لوگ بہتر سمجھتے ہیں جو پھانسی کے تختے پر چڑھے ہیں، وہ لوگ بہتر سمجھتے ہیں جنہوں نے جیلیں کاٹی ہیں، جنہوں نے ان values کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ شاید وہ جو ایجنسیوں سے فنڈ لے کر election rig کرتے رہے ، شاید وہ جو دہشت گرد تنظیموں کی مدد سے اقتدار میں آتے رہے، ایجنسیوں کی مدد سے اقتدار میں آتے رہے وہ جمہوریت، آزادی، انسانی حقوق کی قدر و قیمت اس طرح نہیں سمجھتے جس طرح سے وہ سمجھتے ہیں جنہوں نے ان چیزوں کے لیے قربانیاں دی ہیں۔

جناب عالیٰ! حکومت کا یہ موقف کہ سول انتظامیہ کی مدد کے لیے فوج کو بلایا جا رہا ہے، اس موقف پر نہ صرف یہ ایوان بلکہ ملک میں کوئی بھی اعتبار نہیں کرتا۔ سول انتظامیہ کی مدد کے لیے آپ فوج کو بلا سکتے ہیں بغیر Article 245 لگائے ہوئے۔ پچھلے دنوں sea view پر سانحہ ہوا چالیس لوگ سمندر میں غرق ہوئے، ہماری بحریہ نے اپنے غوطہ خور بھیجے، اپنی کشتیاں بھیجیں اور ان کی مدد کے بغیر یہ ممکن نہیں تھا کہ وہ تمام کی تمام لاشیں سمندر سے نکالی جا سکتیں اور تمام ملک نے بحریہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ Article 245 لگانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ جو چیز باعث تشویش ہے وہ یہ ہے کہ عدلیہ کے حقوق سلب کیے گئے اور یہ ان لوگوں نے سلب کیے ہیں جو عدلیہ کی آزادی کے لیے پورے ملک میں آسمان سر پر اٹھائے ہوئے تھے جس وقت ہماری حکومت عدلیہ کو واپس لانے کی کوشش کر رہی تھی اور معطل شدہ عدلیہ کو اس کی جگہ دینے کی کوشش کر رہی تھی۔

جناب عالی! ہم سمجھا رہے تھے کہ ایک وقت میں دو چیف جسٹس نہیں ہو سکتے۔ ہم بتا رہے تھے کہ اٹھاون ججز حلف لے کر واپس اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں لیکن اس بات کو قبول نہیں کیا جا رہا تھا۔ اور ملک کے اندر ایک بہت بڑا طوفان کھڑا کیا جا رہا تھا۔

(اس موقع پر پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر محمد رفیق رجوانہ صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

اس سے ایک ہی بات ظاہر ہوتی ہے کہ مقصد عدلیہ کی آزادی نہیں ہے، نہ اس وقت تھا اور نہ اس وقت عدلیہ کی آزادی مقصد ہے بلکہ مقصد صرف چند ججوں کو مدد فراہم کرنی تھی اور ان جج صاحبان کی مدد سے حکومت کو غیر مستحکم کرنا تھا اور جیسے ہی یہ موقع ملا اور یہ جماعت اقتدار میں آئی تو اس نے عدلیہ کے اوپر وار کیا اور عدلیہ کے حقوق کو سلب کیا ہے۔

جناب عالی! دیکھنا یہ ہے کہ ہم کس سمت جا رہے ہیں۔ بلوچستان کے اندر انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزی ہوتی رہی۔ صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری صاحب نے بلوچستان کے عوام سے معافی مانگی۔ حقوق بلوچستان پیکج دیا گیا۔ صوبائی خود مختاری اٹھارھویں ترمیم کے ذریعے دی گئی اور یہ سب باتیں آپ کہہ سکتے ہیں کہ جی ہاں اس کے باوجود بھی انسانی حقوق کی خلاف ورزی بلوچستان میں ہوتی رہی اور شاید یہ اقدامات ناکافی تھے اور میں یہ بھی تسلیم کرنے کو تیار ہوں کہ شاید وہاں کی صوبائی حکومت سے بھی کچھ کوتاہیاں ہوئی ہوں لیکن یہ ایک صحیح رخ میں اقدامات تھے لیکن جس وقت ہم مخالف رخ میں بڑھنا چاہتے ہیں، جس وقت ہماری پارلیمنٹ ایک ایسا قانون منظور کرتی ہے جس سے انسانی حقوق سلب ہوتے ہیں، جس وقت ہم ایک ایسا قانون منظور کرتے ہیں کہ جس سے ان تمام خلاف ورزیوں کو، انسانی حقوق کو سلب کرنے کو بلوچستان میں ایک قانونی تحفظ دیا جاتا ہے تو تمام ملک میں ناامیدی پیدا ہوتی ہے اور ہر جمہوریت پسند اور حقوق کی جنگ لڑنے والا شدید ناامیدی کا شکار ہوتا ہے۔

جناب عالیٰ! ہم یہ سمجھتے رہے کہ ہاں! PPO دے دیا گیا اب مزید آگے بڑھنے کی ضرورت نہیں ہے اور یہ معاملہ طے ہو جائے گا، وہ معاملہ طے نہیں ہوا عدلیہ کے حقوق سلب کیے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ حکومت نے یہ نہیں کیا اور مجھ سے ایک صحافی نے کہا کہ آپ کیوں حکومت پر تنقید کر رہے ہیں۔ میاں نواز شریف صاحب نے تو Article 245 نہیں لگایا ہے۔ ہم اس چیز کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہیں کیونکہ جتنا آپ space دیتے جائیں گے، جتنا آپ پیچھے ہٹتے جائیں گے اتنا ہی وہ ادارے جو پریشر ڈالتے ہیں جمہوریت پر، پارلیمنٹ پر، جو منتخب حکومتوں پر پریشر ڈالتے ہیں اتنا ہی وہ آگے بڑھتے جائیں گے۔ یہ بات یہاں پر نہیں رکے گی اور یہ بات مزید آگے بڑھے گی اس لیے کہ ہم غلط رخ میں پڑ گئے ہیں۔ میں بالکل کہتا ہوں کہ ہم عدم تشدد کے حامی ہیں اس لیے کہ جمہوریت اور تشدد ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ ہمارے پاس ہتھیار نہیں ہیں، ہم شاید اپنا دفاع نہیں کر سکتے ان طاقتوں کے سامنے لیکن ہماری سب سے بڑی طاقت ہمارا انکار ہے۔ ہم کسی غلط چیز کو قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ ہم کسی بھی غیر جمہوری چیز کو قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں اور ہمیں اس طاقت کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

جناب عالی! پچھلی دفعہ جب ان کی حکومت تھی تو سندھ میں ایمرجنسی لگائی گئی۔ ایمرجنسی کے چند ماہ میں پورے ملک میں مارشل لاء لگا۔ سندھ کے اندر Chief Executive کو لایا گیا۔ چند ماہ کے بعد پورے ملک میں جنرل پرویز مشرف چیف ایگزیکٹو بن

کر بیٹھ گئے۔اب Article 245 کے ذریعے عدلیہ کے اختیارات یہاں سلب کیے گئے ہیں تو یہ ایک خطرناک بات ہے اور ہم تشویش کا اظہار کرتے ہیں اور پورا ملک تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ یہ بات آگے بڑھ کر کس طرف جائے گی اور کیا پورے ملک میں تمام اختیارات سلب کر لیے جائیں گے۔ بات سیدھی سی ہے کہ جس سمت میں آپ بڑھ رہے ہیں وہی آپ کی منزل ہو گی۔اگر آپ جمہوریت کے دفاع کے لیے بڑھ رہے ہیں، انسانی حقوق کے دفاع کے لیے بڑھ رہے ہیں، اگر آپ آزادیوں کے حقوق کے لیے بڑھ رہے تو آپ کی منزل جمہوریت ہو گی لیکن اگر آپ ایسے اقدامات لے رہے ہیں جو اس سے مخالف سمت میں ہیں تو خدانخواستہ، خدانخواستہ وہ باتیں جو کی جارہی ہیں اور جن خدشات کا اظہار کیا جارہا ہے وہ حقیقت بن سکتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔آگے جاری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔T09

T09-12AUG2014---ASHFAQ/ED.ZAFAR---12.50PM

جاری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سینیٹر تاج حیدر۔۔۔۔۔۔

جن خدشات کا اظہار کیا جارہا ہے، وہ حقیقت بن سکتے ہیں۔جناب عالی! ہم نے ملک میں مفاہمت کی سیاست کی کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ ادارے ہوں یا حزب اختلاف ہو، ہم مفاہمت اور افہام و تفہیم سے آگے بڑھ سکتے ہیں۔ ہم نے ان تمام باتوں کا آغاز کیا اور آج نہیں کیا بلکہ اسی ایوان نے تیرھویں ترمیم pass کی جس میں صدر کے اختیارات کو محدود کیا گیا تھا کہ وہ پارلیمنٹ کو توڑ نہیں سکتے اور حکومت کو برطرف نہیں کر سکتے۔اسی ایوان نے چودھویں ترمیم pass کی تھی جس میں floor crossing پر پابندی لگائی تھی۔ یہ سب اس وقت ہوا تھا جب حزب اختلاف کے لوگ جھوٹے مقدموں میں جیلوں میں تھے، یہ اس وقت ہوا تھا جب میاں نواز شریف صاحب وزیر اعظم تھے اور حکومت کے لیے دو مرتبہ خطرات پیدا ہوئے تھے، اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی نے آگے بڑھ کر ساتھ دیا تھا تاکہ جمہوریت اور پارلیمنٹ کی حفاظت کی جا سکے۔

جناب! ایک سیاست چلی جب Supreme Court سے جھگڑا کیا گیا، Opposition کے ساتھ کیا، press کے ساتھ کیا گیا جس طریقے سے فوج سے ٹکر لی گئی اور دیگر اداروں کے ساتھ ٹکر لی گئی۔اس تصادم کی سیاست میں جو فوائد حاصل ہوئے تھے، اس Opposition کی مفاہمت کی وجہ سے اور اس support کی وجہ سے جو تیرھویں اور چودھویں ترامیم میں تھے، وہ سارے کے

سارے ہمارے ہاتھ سے جاتے رہے۔ اب اگر اس تصادم کی سیاست کو فروغ دیا جاتا ہے اور میں بڑے افسوس سے کہتا ہوں کہ وہ سلسلہ شروع ہو چکا ہے نہ صرف وہاں سلسلہ شروع ہو چکا ہے جو آج کل اخبارات میں سرخیاں آ رہی ہیں بلکہ اس حزب اختلاف کے ساتھ جس نے سیاسی انتقام کی روایت کو ختم کر دیا تھا جس نے اپنی حکومت کے دوران آگے بڑھ کر ہر چیز پر accommodation کی تھی، ان کے قائدین کے خلاف مقدمے بنائے جاتے ہیں، مخدوم امین فہیم، مخدوم گیلانی اور راجہ پرویز اشرف صاحب کے خلاف بھی مقدمات بنائے جا رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں اور میں خطرے کے ساتھ کہتا ہوں کہ حکومت تصادم کی طرف جا رہی ہے اور ہمارے لیے یہ مقدمات اور جیلیں کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ بہر حال جن طاقتوں نے ریفرنڈم میں dictator کا ساتھ دیا تھا، وہ اگلے dictator ریفرنڈم کرائیں گی جو pressure آنے پر باہر چلے گئے تھے، وہ باہر چلے جائیں گے اور وہاں پر اپنے کاروبار کرتے رہیں گے، پاکستان پیپلز پارٹی کے لوگ جیلوں میں چلے جائیں گے اور ملک پھر آٹھ، دس سال پیچھے چلا جائے گا اور ہمیں اس جمہوریت کی جنگ از سر نو لڑنی پڑے گی۔

جناب عالی! بات کھل کر ہونی چاہیے، میرے خیال میں چالاکیوں کا زمانہ ختم ہو گیا۔ ایک چیز کو چھپانا، اس کو کوئی اور رنگ دینا، اگر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے تمام چیزیں دب جائیں گی اور لوگوں کو بے وقوف بنایا جا سکتا ہے تو یہ ناممکن ہے۔ ہماری سیاسی اور جمہوری جدو جہد ہے، ہم نے جو قربانیاں دی ہیں، ہم نے اس سلسلے میں جو شہادتیں قبول کی ہیں، انہوں نے عوام کے سیاسی شعور کو بلند کر دیا ہے، اگر شعور ایک سطح پر پہنچ جائے تو وہ اس سطح سے نیچے نہیں آتا۔ اعتبار ختم ہو چکا ہے اور اعتبار کو قائم کرنے کے لیے ہمیں کم از کم یہ کرنا پڑے گا کہ سچائی سے کام لیں۔ سینیٹر فرحت اللہ بابر نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ بتایا جائے کہ کس قسم کے pressures ہیں اور کیوں نہ بتایا جائے کہ کس قسم کے pressures ہیں اور ہم سب مل کر اس قسم کے pressures کا مقابلہ کیوں نہ کریں کیونکہ یہ pressures کسی ایک جماعت پر نہیں ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ یہ pressure پورے کے پورے جمہوری نظام پر ہے، آزادیوں اور حقوق پر ہے اور تمام جمہوری طاقتوں کو مل کر اس کا مقابلہ کرنا چاہیے۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وقت ہے کہ لوگ ساتھ آئیں، یہ وقت ہے کہ آپس میں مشورہ کیا جائے، یہ وقت ہے کہ کھل کر بات کی جائے اور یہ وقت ہے کہ ایک مشترکہ platform بنایا جائے جہاں پر سب کھڑے ہو کر جدو جہد کر سکیں۔ جہاں تک پاکستان پیپلز پارٹی کا تعلق ہے، ہماری ایک طویل جدو جہد رہی ہے اور ہم نے اس میں بہت چیزیں ہاری ہیں، ہم نے شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی قربانی دی، ہم نے بی بی شہید صاحبہ کی قربانی دی، ہمارے ہزاروں کارکن شہید ہوئے ہیں، ہم

نے بہت چیزیں ہاری ہیں لیکن آپ اور آپ کے ذریعے پورے ایوان اور اس قوم کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک چیز نہیں ہار سکتی، وہ ہمت نہیں ہار سکتی، وہ جدو جہد کرتی رہے گی۔ ہم نے اتفاق رائے پیدا کرنے کے لیے بہت باتیں مانی ہیں، سمجھوتے کئے ہیں اور اس لیے سمجھوتے کئے ہیں کہ ملک آگے بڑھ جائے لیکن پاکستان پیپلز پارٹی نہیں مان سکتی تو ہم ہار نہیں مان سکتے، ہم کبھی بھی حالات سے ہار نہیں مانیں گے اور ہماری جدو جہد جاری رہے گی۔ دیکھا جائے تو ہم ہارے نہیں ہیں، اگر آج وہ لوگ جو دہشت گرد تنظیموں اور ایجنسیوں کی support سے elections جیتے تھے، آپ کو یاد ہو گا کہ قومی اسمبلی میں مخدوم امین فہیم نے جب میاں نواز شریف صاحب کو مبارک باد دی تھی تو ساتھ ہی ایجنسیوں کو بھی مبارک باد دی تھی۔ وہ لوگ جو اس امداد پر کہ کچھ سیاسی جماعتوں کو دہشت گرد تنظیمیں انتخابی مہم چلانے کی اجازت ہی نہیں دے رہی تھی اور ان کی طرف سے مکمل خاموشی تھی، اگر وہ آج کھڑے ہو کر کہہ رہے ہیں کہ ملک میں انتخابات fair and free ہونے چاہئیں اور پرانے انتخابات میں دھاندلی ہوئی تھی تو یہ ہماری جیت ہے، یہ ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بے نظیر بھٹو کی جیت ہے۔

جناب! وہ سیاسی جماعتیں جو establishment نے صرف جمہوریت کا راستہ روکنے کے لیے بنائی تھیں، وہ establishment کے سامنے کھڑی ہیں تو یہ ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بے نظیر بھٹو کی جیت ہے۔ ہماری دینی جماعتیں جو اعلان کرتی تھیں کہ جمہوریت کی دین اسلام میں کوئی جگہ نہیں ہے، اگر آج وہ پاکستان کے آئین کو مان رہی ہیں، اگر وہ آج انتخابات لڑ رہی ہیں، اگر وہ آج کہتی ہیں کہ ہماری سیاست جمہوریت ہے تو جمہوریت ہماری سیاست وہ اصول ہے جو شہید ذوالفقار علی بھٹو نے دیا تھا۔ جناب عالی! ہم آگے بڑھ رہے ہیں، اس لیے کہ ہم تاریخ کے بہاؤ کے ساتھ ہیں اور ہمارے راستے میں دیواریں کھڑی کی جاتی ہیں، اس کو روکا جاتا ہے اور جب بھی تاریخ کے بہاؤ کو روکا جاتا ہے تو نئی طاقتیں ابھرتی ہیں اور یہ دیواریں ٹوٹتی ہیں اور پھر یہ نئی قوتیں سیلاب بن کر نکلتی ہیں۔ ہم آج اسی دور سے گزر رہے ہیں کہ ہم سیلاب کی شکل میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ میں بالکل یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دیواریں کھڑی کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے کیونکہ دیواریں کھڑی کرنے سے جوہڑ بنتے ہیں اور گندگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ پھر دیواریں کھڑی کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ آج کارکنوں کی چوتھی نسل ہے، جب چھوٹے چھوٹے بچے گاؤں میں جمہوریت کی بات کرتے ہیں جب جئے بھٹو کے نعرے لگتے ہیں تو

میں کہتا ہوں کہ جمہوریت ختم نہیں کی جا سکتی۔ جس وقت یہ چھوٹے چھوٹے بچے آگے بڑھ کر اپنے حقوق کی باتیں کرتے ہیں تو مجھے یقین آتا ہے کہ ہاں ایک منصفانہ معاشی نظام اس ملک کی قسمت بن چکا ہے۔ میں ناظم حکمت کے اس شعر پر اپنی تقریر ختم کروں گا کہ:

یہ جو دیوار ہے یہ تمہاری جو دیوار ہے

یہ ہمارے بہاؤ کے آگے نہیں رک سکے گی

جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: کریم احمد خواجہ صاحب! آپ کی باری تھی لیکن اے رحمٰن ملک صاحب نے ایک request بھیجی ہے کہ he has to go somewhere اگر وہ آپ سے پہلے تقریر کر لیں۔ جی اے رحمٰن ملک صاحب۔

آگے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔T10

T10-12AUG2014 FURQAN[ED.RAUF] 01:00P.M.

Senator A. Rehman Malik

سینیٹر اے رحمٰن ملک: جناب چیئرمین شکریہ۔ سب سے پہلے تو میں آپ کو temporary Chairman بننے کی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں تاج حیدر صاحب کی بات تصادم سے شروع کروں گا، تصادم ہماری سیاست کا وہ المیہ ہے جس نے ہمیں ہر بار ڈسا اور بار ڈسے جانے کے باوجود ہم نے دوبارہ وہیں ہاتھ ڈالا۔ میں ایک چیز clarity کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی کوئی double policy نہیں ہے، single policy ہے اور وہ ہے، we will defend democracy and we will continue to defend it. ہمارا چیئرمین کہتا ہے کہ democracy is the best revenge. ہماری محترمہ کی شہادت ہوتی ہے، پاکستان ٹوٹنے پر آ جاتا ہے تو ہمارا Co-Chairman کہتا ہے، پاکستان کھپے تو آج ہم کہتے ہیں کہ جمہوریت کھپے، جمہوریت کھپے، جمہوریت کھپے اور انشاء اللہ جمہوریت کھپے گی۔ رہی بات جمہوریت کی، democratic norms کی تو دنوں ہی democracy کا حصہ ہیں، اگر کوئی پارٹی اپنا protest register کروانا چاہتی ہے تو اسے حکومتی تشدد سے نہیں روکنا چاہیے،

یہ ایسے ہی ہے جیسے پانی کا بہاؤ اوپر سے آتا ہے اور جب اس پر بند باندھتے ہیں تو سیلاب بن جاتا ہے اور اگر وہ چلتا رہے، رواں دواں رہے تو وہ آرام سے سمندر میں جا کر گر جاتا ہے۔ لہذا اس مثال کو سامنے رکھیئے۔ عمران خان ایک democratic stakeholder ہے، اسے آنے دیں، اسے ایسے ہی آنے دیں جیسے ہم نے long marches میں لوگوں کو آنے دیا۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی)

سینیٹر اے رحمٰن ملک: میں بات کر رہا تھا کہ عمران خان ایک پارٹی کے لیڈر ہیں، جن کی National presence Assembly and Province Assemblies میں ہے، انہیں آنے کی اجازت دی جائے۔ انہیں چاہیے کہ وہ بھی ایک undertaking دیں کہ ان کے workers peaceful رہیں گے۔ حکومت ان کو ایسے ہی welcome کرے جیسے ہم نے طاہر القادری اور میاں نواز شریف صاحب کو کیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ dialog سیاست کا حسن ہے، how to do it, what time you do it and how you take it. میرے محترم استاد اور لیڈر اعتزاز احسن صاحب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، جب ہمارے وکلاء کا بہت بڑا ریلا آیا تھا، وہ اپنے demand کے ساتھ آئے تھے، اس میں جماعت اسلامی اور دوسری پارٹیاں بھی تھیں۔ ہم ان کے پاس چلے گئے اور ہم نے کہا تھا کہ آپ بتائیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم یہ چاہتے ہیں اور ہم نے کہا کہ ہم یہ چاہتے ہیں۔ ہم نے ان کے لیے stage وغیرہ بنا دیا اور انہیں facilitate کیا، long march ہو گیا، تقریریں بھی ہو گئیں اور پھر لوگ آرام سے چلے گئے۔

جہاں تک طاہر القادری صاحب کا تعلق ہے تو مجھے آج تک ان کے انقلاب کی سمجھ نہیں آئی، انہیں اپنے انقلاب کو define کرنا چاہیے، انہوں نے یہی بات 2013 میں کہی تھی اور آج بھی وہی بات کر رہے ہیں۔ ان کا بھی ایک right ہے کہ وہ اسلام آباد آئیں لیکن ان کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ یہ کہیں کہ Prime Minister اور شہباز شریف کو قتل کر دو۔ No we actually condemn that. پاکستان کی سیاست میں ایسے الفاظ نہیں ہونے چاہئیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا کردار ہمیشہ consensus کا رہا

ہے،آج اگر دو بھائی لڑ رہے ہیں، جیسے عمران خان صاحب ہیں، میاں نواز شریف صاحب یا کوئی اور پارٹی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت بھی آصف زرداری as a saviour آ سکتے ہیں، وہ بڑے بھائی کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ میری میاں صاحب سے اپیل ہو گی کہ ان سے بات کریں اور ان کی خدمات حاصل کریں کیونکہ انہوں نے ہی جمہوریت کو پانچ سال تک چلایا۔ ہم جمہوریت لانے والوں میں سے ہیں، ہم نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ لہذا اس میں ہم سے بہتر کوئی مدد نہیں کر سکے گا۔ اس کے بعد یہ کہنا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی دوغلی پالیسی ہے۔ میرے خیال میں left سے کسی کو sorry ضرور کہنا چاہیے کیونکہ جب کل اعتزاز احسن صاحب نے یہ بات کی تھی تو میں سمجھ رہا تھا کہ left سے appreciation آئے گی لیکن اسے negative لیا گیا۔ میں blame game نہیں کر رہا، کل ہماری لیے ایک مصیبت آ سکتی، آج ہم سر جوڑ کر بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں، ہو سکتا ہے کہ 20 کے بعد یہ prerogative بھی آپ کے پاس سے چلا جائے۔

ہم اپنی history دیکھیں کہ 1968 میں ہمارے شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے ایوب خان کے خلاف long march کیا، he had to go. محترمہ نے 2007 میں کوشش کی اور انہیں house arrest کر دیا گیا and General Pervaiz Musharraf had to go. یہ ہماری history ہے۔ اسحاق خان کے خلاف long march ہوا، وہ گیا۔ میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں ڈرا رہا ہوں۔ اگر long march کو صحیح طریقے سے handle کریں تو وہی negativity میں positive convert ہو سکتی ہے۔ Kindly use fear technology, not the technology of bullets, bullets bring depression and misery but fear technology may be helpful for avoiding it. It is used with good common sense and that common sense existed in Pakistan Peoples Party, ہمارا تو اسلام بھی کہتا ہے کہ اگر اچھی چیز ہو تو اسے کاپی کر لو۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم بڑے طرم خان تھے لیکن ہمیں تجربہ ضرور تھا۔ آج جو کچھ ہو رہا ہے اسے سنبھالا دیں۔ یہ وقت ہے کہ بیٹھ کر اس چیز کا حل نکالیں۔ ایک fear mob کا ہوتا ہے، ایک fear protestor کا ہوتا اور ایک fear گورنمنٹ کے دل میں ہوتا ہے، جو fear اس وقت اسلام آباد کے ایوان میں پایا جاتا ہے اسے نکلنا چاہیے، یہ وہی fear ہے جس نے Article 245 لاگو کر دیا۔ میں فخر

سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے اپنے پانچ سالہ دور میں ایک مرتبہ بھی اسلام آباد کو فوج کے حوالے نہیں کیا، اگر کسی کے پاس کوئی notificationہے تو مجھے دکھائے۔ اگر ضرورت پیش آتی تو ہم فوج کو بلوا سکتے تھے لیکن شکرالحمد للہ ہماریleadershipنے ہمیشہ معاملے کو بات چیت سے سلجھایا۔ یہیں پر ایک ماہ پہلے میں نے Prime Minister of Pakistanکو directaddressکیا تھا کہ میاں صاحب آپ ایک APC callکر لیں، سب کو بلا کر اپنے problems and fearsبتائیں کہ کیا معاملات ہیں جس کی وجہ سے اس وقت برے حالات پیدا ہو رہے ہیں لیکن اس وقت نہیں مانا گیا، پرسوں APCہوئی، that is too late anywayدیر آید درست آید۔

آج ہم پاکستان کی تو بات کرتے ہیں، آج ہم کرسی کی جنگ لڑ رہے ہیں اور ہم اپنے ان پختو نخوا بھائیوں IDPsکو بھول چکے ہیں جو اس وقت گرمی کی شدت سے تڑپ رہے ہیں، انہوں نے سب سے زیادہ شہادتیں دیں، 50ہزار جانیں دینا کوئی مذاق نہیں ہے، آج وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کی عوام ہمارے ساتھ بنگالیوں جیسا سلوک کر رہی ہے، اگر وہ ٹھیک کہہ رہے ہیں تو ہم نے کیا کیا ہے۔ آج ہم اسلام آباد میں دیواریں بنا رہے ہیں، آج یہاں میں بھی اور میرے ساتھی بھی تقریر کر رہے ہیں لیکن ہم نے سوچا ہے کہ انہیں کیا دینا چاہیے۔ جب مالاکنڈ سوات میں IDPsآئے تھے وہ ایک بہت اچھا modelتھا، اس کو replicateکر لیتے۔ خدارا! ان لوگوں کی طرف دیکھیں، سب کو ان کی طرف دھیان دینا چاہیے۔ میری عمران خان صاحب سے اور میاں نواز شریف صاحب سے اپیل ہو گی کہ اس وقت عوام کو جس عجیب سی کشمکش میں مبتلا کیا ہوا ہے اسے ختم کرنے کی کوشش کریں۔

(آگے جاری T11)

T 11-August 11,2014 Tariq/Ed. Mr. Zafar Iqbal. 01.10 pm.

سینیٹر رحمان ملک:۔۔۔۔۔۔۔۔آج آپ کی قوم political polarizationسے بہت پریشان ہے۔ ہم نے یہاں سے بیٹھ کر کیا دیا۔ سوا سال ہو گیا، ہماری جتنی hierarchiesآئیں ان میں لڑائی اور کرسی کی لڑائی sorry to sayاسی کو ہم دیکھتے رہے۔ آج بھی کرسی ہی کی جنگ ہے۔ جب ہم کرسی کی جنگ کو بھول جائیں گے اور قومی مفاد کو سامنے رکھ کر، اپنی انا کے مسئلہ کو دور رکھ

کر بات کریں گے تو جناب چیئرمین! حل نکل آتا ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ سیاست میں dialogue بہت ضروری ہے لیکن اس dialogue کو meaningful بنانے کی لیے آپ کو کچھ لوگ چاہییں۔ آگے بڑھنے کے لیے کچھ give and take ہونا چاہیے وہ give and take کر لیں۔ آج الیکشن کو جو کہ disputed ہوا ہے یا کیا گیا ہے، پوری قوم کا confidence اس system میں shake ہوا ہے، وہ proper shake out ہوا ہے۔ اس کو بھی آپ نے redress کرنا ہے۔ یہاں سے آج میری ایک تجویز ہو گی۔ Mr. Chairman! we are not here just to speak بڑی بڑی تقریریں کر لیں گے، بڑے بڑے sentences بول لیں گے لیکن practical ہم کیا کر سکتے ہیں which is on your part Mr. Chairman. Appoint a Committee today, make somebody who know something about investigation اور خاص طور پر عمران خان صاحب نے جو الزامات اس وقت الیکشن کے سلسلے میں لگائے ہیں، جناب ان کو investigate کرائیں۔ داڑھی کسی اور کے ہاتھوں میں نہ دیں، یہ نہ ہو کہ کل کوئی اور investigation کر رہا ہو۔ آج آپ ایک decision اعلان کریں، ایک committee لیں کہ کوئی بھی اس کو take over کر لے اور تمام stakeholders کو بلائے ۔ میرے خیال میں موجودہ حکومت کو ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے *"Dhandli"* because where this happened اور جو کچھ بھی ہوا۔ اگر اردو بازار یا لی مارکیٹ کراچی میں وہ ballot papers چھپے، وہ لوگ موجود ہیں اور ان کو بلایا جا سکتا ہے، یہ تو investigate ہو سکتا ہے۔ یہ تو caretakers نے کیا تھا۔ Let's join hands together, the government and opposition together. investigate it ڈالیں members دونوں اطراف سے Bring them to the book of law, teach them lesson. and whoever is found responsible at that point of time اس کو سامنے آنا چاہیے۔ اور اگر جناب ایسا ہی چلتا رہا تو پھر دھاندلی ہو گی۔ ہر الیکشن میں دھاندلی کا ایک نیا formula ہوتا ہے، ایک نئی Einstein کی theory ہوتی ہے۔ They should ceased to exist, provided we do our responsibility. اور مجھے امید ہے کہ آج آپ اٹھنے سے پہلے ایک کمیٹی کا اعلان ضرور کریں گے اور ہمارے بڑے بڑے senior لوگ جن میں وکیل بھی ہیں، رجوانہ صاحب آپ بھی اس میں ایک مشہور شخصیت ہیں،

آپ بھی ہو سکتے ہیں اور میں بھی اس میں اپنی services offer کرتا ہوں۔ آئیے آگے بڑھیں اور کچھ نکالیں اور قوم کو کچھ دکھائیں اور میں ساری قوم کے ساتھ متفق ہوں کہ طاہر القادری صاحب جب ہمارے دور میں آئے تھے تو کہتے تھے کہ ہماری حکومت دو دنوں میں جائے گی۔ ہمارے Prime Minister کے خلاف کوئی decision ہوا، اس وقت judicial system ہمارے خلاف ہی تھا اور میں اس وقت بھی بڑا کھل کر چوہدری افتخار صاحب کو اسی جگہ بولتا تھا اور آج بھی بولتا ہوں کیونکہ ان کو صرف Pakistan Peoples Party ہی نظر آتی تھی، جس میں Prime Minister کھڑے ہوتے تھے، Interior Minister کھڑا ہوتا تھا اور کوئی بھی office order ہوتا تھا وہ معلوم نہیں کیسے چوہدری افتخار صاحب کی desk پر پہنچ جاتا تھا اور وہ suspend ہو جاتا تھا۔ اس کے بعد media کا ایک ہجوم ہوتا تھا اور favourable لوگوں کو اندر سے خبریں دی جاتی تھیں اور آتے ہی جو سوال ہوتے تھے وہ آپ کے سامنے ہوتے تھے۔ اس لحاظ سے تو یہ حکومت خوش قسمت ہے کہ وہ چیزیں ان کو نہیں ملیں۔ ہمیں تو long marches, Memo Gate, Kerry Lugar bill ملا، ہمیں بتادیں ہمیں کیا نہیں ملا۔ ہمیں ہر وہ negative چیز ملی جو ایک حکومت کو خراب کر سکتی تھی اور پھر بھی ہماری leadership پر آفرین ہے۔ یہ سارا credit میں آصف علی زرداری صاحب کو دوں گا جنہوں نے بہت تحمل مزاجی سے، honesty سے، wisdom کے ساتھ ان چیزوں کو handle کیا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہم نے جمہوریت کی خاطر ایک وزیراعظم کو بھی قربان کر دیا۔ ہم بھی یہی ماحول create کر سکتے تھے، ہمارے leaders ان سے زیادہ بولتے ہیں، ہمارے workers کی sacrifices زیادہ ہیں، وہ اپنے سینوں پر گولی کھانا جانتے ہیں، انہوں نے مارشل لا کے کوڑے بھی کھائے، انہیں معلوم ہے کہ کوڑے کیا ہوتے ہیں، سزا کیا ہوتی ہے لیکن leadership کا حکم تھا کہ ہم نے جمہوریت کو آگے لے کر جانا ہے۔ آج بھی ہم چاہتے ہیں کہ جمہوریت کو لے کر چلیں۔ یہاں میں ایک difference ضرور واضح کروں گا کہ جمہوریت اور حکومت دو علیحدہ چیزیں ہیں۔ حکومت fail ہو سکتی ہے مگر جمہوریت کو پاکستان میں fail نہیں ہونا چاہیے، لہذا اس اشارے کو سمجھیں، ایک جگہ پر بیٹھیں، حکومت بھی ہو، opposition بھی ہو اور جو لوگ protest کر رہے ہیں ان کو بھی بٹھالیں اور ان سے بات کریں کہ کیا چاہتے ہو۔ جناب چیئرمین! اگر long march اور protest لے کر کوئی آ بھی جاتا ہے اسلام آباد میں تو کیا ہو جائے گا، دو دن یا چار دن رہیں گے، چلے جائیں گے لیکن اگر آپ نے روکا تو میں اپنے experience کی base پر

predict کرتا ہوں کہ یہاں دنگا فساد ہو گا جو نہ تو حکومت نہ جمہوریت اور نہ آنے والی نسلوں کے لیے ٹھیک ہو گا۔ Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much.

افراسیاب خٹک صاحب۔ خواجہ صاحب معافی چاہتا ہوں کہ list کے مطابق party representation سامنے رکھنی ہے۔افراسیاب خٹک صاحب۔

Senator Afrasiab Khattak

سینیٹر افراسیاب خٹک: شکریہ جناب چیئرمین! میں بھی 245 کے بارے میں اظہار خیال کرنا چاہوں گا۔ میرے خیال میں اس کے دو پہلو ہیں، ایک تو یہ کہ اس کی timing ایسی تھی کہ یہ تاثر پیدا ہوا کہ یہ جو سیاسی مارچ ہو رہے ہیں اس سے اس کا تعلق ہے، لیکن گزشتہ ہونے والی National Security پر جو APC ہوئی تھی اس میں جس طرح سے وضاحت کی گئی ہے تو شاید وہ پہلو تو اس طرح سے مد نظر نہیں رہا، لیکن اہم بات یہ ہے کہ آپ نے Article 245 اس لیے لگایا کہ آپ کو آپریشن کے بعد وزیرستان سے blow back کا خطرہ ہے۔ لیکن گزارش یہ ہے کہ آپ نے Article 245 کے علاوہ اور کیا کیا ہے یعنی کہ دہشت گردی کو روکنے کے لیے آپ نے دوسرے اقدامات نہیں کیے۔ مثال کے طور پر آپ کے پاس قوانین موجود ہیں۔ آپ کے پاس Anti Terrorism Act موجود ہے، اس میں یہ بات ہے کہ جو تنظیمیں proscribed ہیں جن پر پابندی ہے وہ کسی اور نام سے سرگرمی نہیں کر سکیں گی لیکن کتنی ہی تنظیمیں یہاں کام کر رہی ہیں جو کہ banned ہیں۔ ان کو کسی نے ہاتھ نہیں لگایا اور روکا نہیں، وہ جلوس نکالتی ہیں، وہ کہتی ہیں کہ آپ کی خارجہ پالیسی بنائیں گے۔ Banned تنظیمیں ہماری خارجہ پالیسی بنانے کی لیے آتی ہیں اور ہمارے television stations پر بھی بات کرتی ہیں، کوئی ان کو روکنے ٹوکنے والا نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Article 245 سے کام نہیں چلے گا آپ کو comprehensive strategy against Anti Terrorism Strategy بنانی ہو گی۔ آپ national narrative and counter terrorism, extremism and militancy بنانی ہو گی ایک narrative بنانا ہو گا اور Pakistani State کو واضح کرنا ہو گا کہ Pakistani State extremism,

terrorism and militancy کو برداشت نہیں کرے گی۔ جب تک آپ یہ رویہ رکھیں گے کہ اچھے طالبان ہیں اور برے طالبان ہیں، اچھے دہشت گرد ہیں اور برے دہشت گرد ہیں، یہ policy ختم ہو گئی ہے ہم اس لیے نہیں مانتے کہ ابھی تک جو banned organizations ہیں وہ دندنا رہی ہیں اور اس ملک کی سیاست کو متاثر کر رہی ہیں اور Article 245 نافذ کرنا کافی نہیں ہے اور آئینی حقوق curtail کرنا بری بات ہے۔ جو کام کرنے کے ہیں وہ آپ کرنے نہیں جا رہے اور 245 کی بات کر رہے ہیں۔ دوسری بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس سارے ہلے گلے میں آپریشن ضرب عضب بھی پیچھے چلا گیا ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جو لاکھوں IDPs ہیں وہ بھی پیچھے چلے گئے ہیں، یہ بات اس طرح نہیں چلے گی۔ پشتونوں کے ساتھ اگر اس طرح سے ہو گا تو پھر پشتونوں میں رد عمل ہو گا۔ بہت سے لوگوں نے کہا اور یہ بات سچ ہے کہ یہ ساری مشکلات جو لوگوں نے سہی ہیں اور میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ بہت بڑا collateral damage بھی ہوا ہے۔ میر علی اور میران شاہ کے بازار تباہ ہو گئے ہیں۔ یہاں پر لوگوں نے غزہ کے لیے آواز اٹھائی ہے جو ٹھیک بات ہے، وہاں ظلم ہوا ہے اور اسرائیل نے جارحیت اور جرائم کیے ہیں جن کے خلاف آواز ضرور اٹھانی چاہیے لیکن خیر کا کام گھر سے شروع ہوتا ہے، آپ نے یہاں کے لیے کیا آواز اٹھائی ہے؟ آپ کا media وزیرستان میں گیا ہے؟ لوگوں نے میر علی اور میران شاہ کے بازار دیکھے ہیں؟ وہاں کوئی غزہ سے کم تباہی ہوئی ہے؟ دیکھیں پشتون پاکستان کے وفادار ہیں انہوں نے پاکستان کے خلاف کبھی بات نہیں کی لیکن you can't take them for granted یہ عمر بھر نہیں ہو سکتا یہ بنگالی کوئی ملک دشمن تھے؟ شیخ مجیب الرحمان نے Pakistan movement میں کلکتہ سے ڈھاکہ تک سائیکل چلائی تھی۔ بنگال واحد صوبہ تھا جہاں سارے بنگالیوں نے 1946 کے انتخابات میں موجودہ پاکستان کے حق میں ووٹ دیا تھا، پنجاب میں تو پاکستان کے حامی شکست کھا گئے تھے، ہمارا سب سے بڑا صوبہ پنجاب ہے جہاں سے Unionist Party جیتی تھی، اس کا کہنا یہ تھا کہ Congress and Muslim League دونوں غلط ہیں، انگریز ٹھیک ہیں، وہ کہتے تھے کہ انگریز کو رہنا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(آگے جاری T-12)۔۔۔۔۔۔۔

T12-12Aug2014 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 1:20 pm

سینیٹر افراسیاب خٹک: (جاری) پنجاب میں تو پاکستان کے حامی شکست کھا گئے تھے۔ ہمارے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں Unionist Party جیتی تھی۔ اس کا کہنا تھا کہ کانگریس بھی غلط ہے، مسلم لیگ بھی غلط ہے، انگریز ٹھیک ہیں۔ وہ کہتے تھے کہ انگریز کو

رہنا چاہیے۔ یہ حقائق ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ پشتونوں کو taken for granted نہ لیں۔ اگر ان کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا گیا، third class citizen کا سلوک کیا گیا تو اس کا نتیجہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ لاکھوں IDPs کو بھول کر تختِ لاہور کی کبڈی لگ گئی ہے۔ تختِ لاہور کا دنگل لگ رہا ہے۔ جو لوگ یہ دنگل کر رہے ہیں، کیا ان کو اندازہ ہے کہ اس کا ردِّعمل پختونخوا میں کیا ہوگا۔ اس طریقے سے فیڈریشن نہیں چلے گی۔ اگر اسی طرح کے لچھن جاری رہے تو پشتونوں کو بھی نئے سرے سے سوچنا ہوگا کہ وہ اس ملک میں تیسرے درجے کے شہریوں کی طرح رہنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

جناب عالی! اس مرتبہ تھوڑی سی گیم بدل رہی ہے۔ وزیرستان کے ایک لاکھ لوگ افغانستان گئے ہیں۔ وہاں بھی ان کے لیے کیمپ لگے ہیں۔ اس مرتبہ لوگ compare کریں گے کہ ان کیمپوں میں کیا ہو رہا ہے اور اُن کیمپوں میں کیا ہو رہا ہے۔ ان ساری چیزوں کے consequences ہوں گے۔ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ region کی صورت حال بدل رہی ہے۔ دہشتگردی کے معاملے پر سب سے زیادہ تشویش ہمارے عظیم پڑوسی ملک چین کو ہے۔ ابھی ہمارے ملک میں اس پر بات نہیں ہوئی، پچھلے مہینے چین نے افغانستان کے معاملات کے لیے اپنا ایک خصوصی نمائندہ مقرر کیا ہے۔ جیسے امریکہ، برطانیہ، جرمنی اور دوسرے ملکوں نے کیا، چین نے بھی ایک مقرر کر دیا۔ اس لیے کہ چین اب مطمئن نہیں ہے کہ جس طرح ہم افغانستان کو deal کرتے تھے، چین کے لیے بھی deal کرتے تھے۔ وہ اب اپنی engagement رکھنا چاہتے ہیں۔ سنکیانگ میں گڑبڑ ہو رہی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس وقت سب سے زیادہ تشویش، افغانستان سے بھی زیادہ، ہمارے پڑوسی ملک چین کو ہے۔ ہم کیا کرنے جا رہے ہیں؟ اگر خدانخواستہ ہماری تنہائی مکمل ہو جاتی ہے تو ہم کیا بننے جا رہے ہیں؟ یہاں ہم تختِ لاہور کی بحث میں الجھے ہوئے ہیں، کوئی نہیں کہہ رہا کہ اگر خدانخواستہ چین سے بھی ہمارے تعلقات بگڑ جاتے ہیں، ایران سے بگڑے ہوئے ہیں، افغانستان سے بگڑے ہوئے ہیں، انڈیا سے بگڑے ہوئے ہیں، تو ہم 'قذافی کا لیبیا' بن جائیں گے۔ کرنل قذافی کے لیبیا کے لیے ہم qualify کریں گے۔ اس کی منزل کیا ہوگی؟ دنیا سے تنہائی اور اندر سے پھٹ جانا۔

جناب عالی! میں سن اڑسٹھ سے سیاست میں ہوں، ایوب خان کے خلاف تحریک میں politicize ہوا تھا، میرے سامنے کئی ملک ٹوٹے ہیں۔ سب سے پہلے ہمارا ملک 1971 میں ٹوٹا۔ اس کے بعد سوویت یونین ٹوٹا ہے، چیکوسلواکیہ ٹوٹا ہے، یوگوسلاویہ ٹوٹا ہے، انڈونیشیا سے ایک ملک الگ ہوا ہے۔ آخر میں سوڈان کے دو ٹکڑے ہوئے ہیں۔ ان میں آپ دیکھیں 99 فیصد factor ٹوٹنے کے

اندرونی تھے۔ یہ تو ہم ویسے ہی conspiracy theories کا سہارا لیتے ہیں، اپنی ساری نالائقیوں کو چھپا کر کہتے ہیں کہ یہود و ہنود کر رہے ہیں یا فلاں کر رہا ہے۔ وہ نہیں بلکہ ہم کر رہے ہیں، ہم ذمہ دار ہوں گے اگر خدانخواستہ اس ملک کو کچھ ہوا۔

خدارا! عقل کے ناخن لیں، تھوڑا جمع ہو جائیں۔ یہ جو تصادم اور محاذ آرائی کا سلسلہ ہے، حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ unnerve نہ ہوا۔ اعصاب اپنے ہاتھوں سے نہ کھوئے۔ جو لوگ پرامن احتجاج کرتے ہیں، ان کو موقع اور اجازت دے۔ احتجاج جمہوریت کا حق ہے۔ جیسے ابھی مثال دی گئی، پچھلی حکومت میں لوگ آئے، انہوں نے احتجاج کیا اور چلے گئے۔ احتجاج کرنے والے لوگوں کو نہ روکیں۔ وہ لوگ بھی جو منتخب حکومتوں کا تختہ الٹتے ہیں، ان سے بھی گزارش ہے کہ اپنے رویے پر نظر ثانی کریں۔ نواز شریف صاحب نے ایک لانگ مارچ کیا تھا، وہ بھی غلط تھا۔ لانگ مارچ کیا ہے؟ ہمارے ہاں اس کی ایک پیروڈی ہے۔ ہم نے چند اصطلاحوں کا حلیہ بگاڑ دیا ہے۔ ایک تو 'شہادت' کا ہم نے حلیہ بگاڑ دیا ہے اور دوسرا، 'لانگ مارچ' کا ہم نے حلیہ بگاڑ دیا ہے۔ لانگ مارچ ماؤزے تنگ نے کیا تھا جو کہ انہوں نے اپنے ملک کے بالادست طبقوں اور جاپانی colonialism کے خلاف کیا تھا۔ اس کی اپنی dynamics تھیں، ایک عظیم انقلابی تحریک تھی۔ گزارش یہ ہے کہ اگر انگریز یہاں ہوتے، اس کے خلاف لانگ مارچ ضرور کرنا چاہیے۔ کل کو خدانخواستہ اگر کوئی فوجی آمریت ہو، اس کے خلاف ضرور لانگ مارچ کرنا چاہیے لیکن جب پارلیمنٹ ہو، عدالتیں ہوں، میڈیا ہو، آپ کے پاس remedies کے forums ہوں، پھر لانگ مارچ کا کیا مطلب ہے۔ لانگ مارچ غیر جمہوری قوتوں کے لیے دعوت نامہ ہے، ایک طرح سے آپ انہیں بلانا چاہتے ہیں۔ یہ تو سیدھی سی بات ہے۔ ہمارے ہاں ایک بات مشہور ہے، ایک بچے نے امتحان دیا۔ پرچے میں فیل ہونے کے بعد گھر آیا۔ اس نے پہلے اپنا نتیجہ نہیں بتایا بلکہ اپنے باپ سے پوچھا کہ جب آپ فیل ہوتے تھے تو آپ کے والد صاحب آپ کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ اس نے کہا کہ مجھے ایک تھپڑ مار دیتے تھے۔ بچے نے پوچھا کہ آپ کے دادا آپ کے والد کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ اس نے کہا کہ ان کو بھی تھپڑ لگتا تھا۔ اس نے کہا کہ جی میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں، میں فیل ہو گیا ہوں، مجھے تھپڑ نہ ماریں اور اس خاندانی خانہ جنگی کو ختم کریں۔ گزارش یہ ہے کہ اس لانگ مارچ کی بھی کوئی cut off date ہونی چاہیے کہ اس کے بعد ہم آئینی اور جمہوری طریقوں سے اس ملک میں کام چلائیں گے۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: خواجہ صاحب۔

Senator Karim Ahmed Khawaja

سینیٹر کریم احمد خواجہ: میں آرٹیکل 245 کے حوالے سے مختصر بات کروں گا اور repeat نہیں کروں گا۔ میں اپنے لیڈر آف دی اپوزیشن، اعتزاز احسن کی ہر بات سے اتفاق کرتا ہوں۔ کل انہوں نے بڑی اچھی تقریر کی تھی۔ اس میں انہوں نے بہت سے مسائل کا حل بتایا تھا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جمہوریت چلے اور derail نہ ہو۔ میں صرف کچھ اور باتیں بتانا چاہوں گا کہ جمہوریت ضروری ہے۔ یہ جو تختِ لاہور کی جنگ چل رہی ہے، اس سے فیڈریشن کو بہت بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔

چیئرمین صاحب! میں صوبۂ سندھ سے تعلق رکھتا ہوں۔ پیپلز پارٹی نے جو struggle کی ہے، اس میں صوبۂ سندھ نے بہت زیادہ قربانیاں دیں، چاہے وہ 1983 کی movement ہو، 1986 کی movement ہو، 2007 کی تحریک ہو یا پھر پرویز مشرف کے خلاف جو بھی struggle ہوئی ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو جب کال کوٹھری میں تھے تو انہوں نے ایک کتاب "If I am assassinated" لکھی۔ اس میں انہوں نے کہا تھا کہ پاکستان دو حصوں میں اس لیے تقسیم ہوا کہ یہاں جمہوریت نہیں تھی جبکہ ہندوستان جہاں بہت سارے صوبے ہیں، وہ disintegrate نہیں ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جس طرح صوبۂ سندھ میں separatist movement start ہو چکی ہے، بلوچستان میں بھی separatist movements چل رہی ہیں، یہ democracy ہے جس نے ان federation units کو unite رکھا ہوا ہے۔ اگر خدانخواستہ جمہوریت جاتی ہے، اس سے پہلے بھی جب بے نظیر صاحبہ شہید ہوئی تھیں تو 'نہ کھپے' کا نعرہ لگا تھا۔ آصف زرداری صاحب کو credit جاتا ہے جنہوں نے 'پاکستان کھپے' کا نعرہ لگا کر چیزوں کو ختم کیا تھا۔ اس طرح کی movements نہ صرف سندھ میں بلکہ بلوچستان میں بھی چل رہی ہیں۔ میں خٹک صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ اگر جمہوریت یہاں نہیں رہتی تو ڈیورنڈ لائن کا issue آ جائے گا۔ جن لوگوں نے طالبان کو پیدا کیا، وہ جب اقتدار میں تھے تو اس وقت ڈیورنڈ لائن کو ماننے کے لیے تیار نہیں تھے۔ اس وقت جس طرح پشتونوں کا حشر ہو رہا ہے تو ڈیورنڈ لائن کا issue اٹھے گا، سندھ میں issue اٹھے گا، بلوچستان میں issue اٹھے گا اور جو یہ سوچ رہے ہیں کہ دو خلافتیں اس دور میں قائم ہو چکی ہیں، ایک ملا عمر کی اور دوسری عراق میں مولوی ابو بکر کی، کیا مولوی طاہر القادری پاکستان میں بھی خلافت قائم کرنا چاہتے ہیں؟

ہم سمجھتے ہیں کہ عمران خان کو ضرور آنے کی اجازت دی جائے، طاہر القادری کو بھی آنے دیا جائے مگر طاہر القادری آئین کے خلاف ہیں۔ وہ ایک فرقے کو represent کرتے ہیں۔ اسلام آباد کو پیرس بننا چاہیے، اسلام آباد کو لندن بننا چاہیے لیکن اسلام آباد کو کابل نہیں بننا چاہیے۔ کل خدانخواستہ اگر یہ سسٹم شروع ہو جائے کہ لوگ جمع ہو کر آئیں اور اسلام آباد پر قبضہ کر لیں کہ ہمیں اقتدار دو تو پھر اسلام آباد میں گولڑہ شریف کے پیر ہیں، وہ پچاس ہزار آدمی لے کر آ جائیں گے۔ امام بری سے کوئی آ جائے کہ اقتدار ہمارے حوالے کرو تو یہ سسٹم پاکستان کو suit نہیں کرتا۔ اپوزیشن جماعتوں کو بھی چاہیے کہ وہ dialogue کی طرف آئیں، ایک constitutional way ہے، ایک lawful حکومت ہے، اس سے بات کریں۔ ٹھیک ہے دھاندلیوں کی بات ہے، اس کے لیے بھی investigation ہو سکتی ہے، دوسری باتیں بھی ہو سکتی ہیں مگر اس چیز کی اجازت نہیں ہونی چاہیے جس طرح طاہر القادری کہہ رہے ہیں کہ میں آئین کو نہیں مانتا اور فلاں کو نہیں مانتا، میں قائدِ اعظم کو نہیں مانتا۔ وہ ایک فرقے کو represent کر رہا ہے۔ پھر مارگلہ ہلز سے طالبان تیس ہزار کلاشنکوفیں لے کر آ جائیں تو کیا ریاستِ پاکستان ان کے حوالے کر دی جائے گی؟ اس طرح نہیں ہونا چاہیے۔

مسلم لیگ (ن) والوں کو بھی چاہیے کہ فراخ دلی کا مظاہرہ کریں۔ اگر نواز شریف، چوہدری شجاعت کے پاس چلے جاتے تو کیا انہیں یہ دن دیکھنے پڑتے؟ اگر راجہ ظفر الحق، شیخ رشید سے بات کر لیتے تو کیا آپ کو یہ دن دیکھنا پڑتے؟ آپ کو چاہیے کہ عمران خان سے بات کریں۔ دس دس دن آپ سعودی عرب میں بیٹھے رہے، ٹھیک ہے آپ عمرہ کر کے ایک دن میں آ جاتے۔

(جاری۔۔۔۔۔۔۔۔T13)

T13-12AUG2014 FAZAL\Zaidi 01:30

سینیٹر کریم احمد خواجہ جاری ہے۔۔۔۔ ٹھیک ہے آپ عمرہ کر کے ایک دن میں آ جاتے۔ آپ بات کرنے کے لیے اس وقت تک تیار نہیں ہیں۔ مسلم لیگ نے اگر حکومت کو کھینچنا ہے تو اعتزاز احسن صاحب کی بات بالکل صحیح ہے کہ شہباز شریف کو قربان کرنا پڑے گا اور دوستوں کو بھی قربان کرنا پڑے گا۔ ٹھیک ہے میاں نواز شریف Prime Minister بیٹھے ہیں۔ کسی نہ کسی کو قربان کریں۔ آپ نے جو فائرنگ کی ہے، طاہر القادری کے 20,20 لوگ مرے ہیں۔ ان لوگوں پر آپ نے FIRs بھی نہیں کاٹی ہیں۔ کہنے کا مقصد ہے کہ

democracy کو چلنا چاہیے اور وفاق کے لیے democracy ضروری ہے۔ جو قوتیں سوچ رہی ہیں کہ یہاں democracy نہیں ہے تو ایک دو سال میں پاکستان کی یہ شکل نہیں رہے گی کیونکہ بلوچستان آپ کے خلاف ہو چکا ہے۔ یہ بلوچ elected لوگ ہیں کہ جن کی وجہ سے ابھی تک بلوچستان ہمارے ساتھ چل رہا ہے۔ سندھ میں یہی پوزیشن ہونے والی ہے۔ اگر democracy یہاں نہیں رہتی ہے تو Durand line کا مسئلہ آ جائے گا۔ تو یہ چیزیں بھی سوچنی چاہییں جو لوگ اس طرح سوچ رہے ہیں۔ مگر مسلم لیگ کو فراخ دلی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ آج TV پر چل رہا تھا کہ میاں نواز شریف آج قوم سے speech کرنے والے ہیں۔ اس سے پہلے اعتزاز احسن کو بلالیں۔ اس سے پہلے اپوزیشن کے دوسرے لیڈرز کو بلالیں اور ان سے مشورہ کریں کہ کس طرح اس بحران سے نکلنا ہے۔ عمران خان کو آنے دیں، طاہر القادری سے مذاکرات کریں اور ان کو بھی آنے دیں۔ اگر ہم سب مل کر بیٹھ جائیں گے تو تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔ اعتزاز صاحب نے ایک اچھی بات کی تھی کہ پارلیمنٹ آپ کے ساتھ ہے تو پھر کس چیز سے ڈرنا ہے۔ پاکستان کو بچانا ہے تو یہ democracy کے ذریعے ہی بچ سکتا ہے۔ میں اپنی بات ختم کر دیتا ہوں۔ Thank you very much.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کلثوم پروین صاحبہ۔

Senator Kalsoom Parveen

سینیٹر کلثوم پروین: جناب! بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں آپ کو chair کرنے کے لیے مبارکباد بھی دیتی ہوں۔ جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ میرے Leader of the Opposition نے جو باتیں کی ہیں اس میں ہر بات انہوں نے cover کی ہے۔ نہ تو مجھے ان کی نیت پر شک ہے اور نہ ان کے خلوص پر شک ہے۔ یقیناً جو باتیں انہوں نے کی ہیں وہ تمام کی مشاورت سے کی ہیں۔ اگر اس بات میں بھی کوئی دو رائے قائم کرے تو پھر سوائے افسوس کے کچھ بھی کہہ سکتے ہیں۔ Sir, the time is running. ہم آج eleventh hour میں بول رہے ہیں کہ کمیٹی بنائی جائے۔ اس سے پہلے جو اصلاحاتی کمیٹی بنائی ہے۔ میں تو کل نہیں جا سکی۔ میاں رضا ربانی صاحب وہاں پر تھے۔ مجھے بھی پتا ہے کہ اس کی قانونی حیثیت کیا ہے اور اس کے کیا اختیارات ہیں اور کس طریقے سے وہ کام کر سکتی ہے؟ اصلاحاتی کمیٹی جو کہ ہمیں بہت پہلے بنالینی چاہیے تھی۔ اگر ہم چار چھ مہینے اس میں لگا لیتے تو یقیناً لوگ مصروف رہتے اور لوگ مطمئن ہوتے کہ ہم واقعی ان چیزوں پر کام کر رہے ہیں جس کو ایک پوری پارٹی جو کہہ رہی ہے وہ غلط کہہ رہی ہے۔

ہم بھی کہہ رہے ہیں دھاندلی ہوئی ہے۔ تمام پارٹیوں نے کہا ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ یہاں سے نسیمہ احسان نے اٹھ کر دس مرتبہ کہا کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ جیتنے والے بھی کہہ رہے ہیں اور ہارنے والے بھی کہہ رہے ہیں۔ اگر یہ چیزیں ہم پانچ چھ مہینے میں discuss کرتے تو یہ دن ہمیں نہ دیکھنا پڑتا۔

آپ کو یاد ہو گا جناب چیئرمین! میں نے آپ سے بھی بات کی تھی کہ خدارا ان چیزوں پر توجہ دیں۔ یہ چیزیں وقت کے ساتھ ساتھ ہوتی ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر آپ چار اپریل کو remember کریں۔ ایک لیڈر کو شہید کیا جاتا ہے۔ کس بات پر؟ صرف ایک شخص کی موت پر۔ کیا یہ جو سانحہ ماڈل ٹاؤن ہوا ہے، یہ آنے والے وقت میں ان لوگوں کے لیے ایک بہت بڑا جرم نہیں بنے گا؟ کیا قباحت تھی ہمیں لوگوں کے ساتھ بات کرنے میں۔ وہ طاہر القادری، عمران خان یا چوہدری شجاعت صاحب ہوں یا دوسرے لیڈرز ہوں۔ جیسے ابھی بات چیت ہو رہی ہے۔ بات چیت کے دروازے تو کبھی بند نہیں ہونے چاہییں۔ سیاسی پارٹیاں اپنی بات چیت کے دروازے کھلے رکھتی ہیں اور وہ اپنے کان اور آنکھ ہر وقت alert رکھتی ہیں کہ دائیں، بائیں اور سامنے کیا ہو رہا ہے؟ اگر آج آپ APC کو call کرتے ہیں اور تمام leaderships کو بھی بلاتے ہیں اور بات چیت بھی کرتے ہیں تو ہم نے یہی مشورہ دیا ہے کہ democracy derail نہیں ہونی چاہیے۔ لوگوں کے کہنے سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ یوں سمجھ لیجیے۔ میں کوئی ڈرانے والی بات نہیں کر رہی ہوں۔ یوں سمجھ لیجیے کہ یہ ٹرین کے مختلف ڈبے ہیں، ٹرین روانہ ہونے والی ہے۔ مختلف لوگوں نے مختلف اسٹیشنوں سے چڑھنا ہے۔ At the end of the day اس ٹرین نے ایک جگہ پر آ کر پہنچنا ہے اور لوگوں نے اکھٹے ہونا ہے۔ یہ کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! کل عمران خان نے جو ثبوت دیے اور جو proof دیے، میاں رضا ربانی جیسا بندہ بیٹھا ہوا ہے یقیناً وہ بڑا fair ہو کر دیکھیں گے۔ Video and audio دونوں ریکارڈنگ ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ 90 حلقوں کی ہیں۔ بات تو چار حلقوں کی ہو رہی تھی۔ اگر آپ چار حلقوں کی تصدیق کر لیتے تو کونسی قیامت آ جاتی۔ آپ کے پاس تو majority ہے۔ آپ تو بھاری mandate سے آئے ہیں۔ یہ کیا ظلم ہے کہ بھاری mandate سے آنے کے بعد آپ نہ کسی سے بات چیت کرو۔ یہ آپ کے ارد گرد جو bureaucracy بیٹھی ہوئی ہے۔ یہ جو bureaucrats بیٹھے ہیں انہوں نے capture کیا ہوا ہے۔ Prime Minister نے کہیں بات ہی نہیں کرنی ہے۔ Prime Minister نے کسی سے ملنا ہی نہیں ہے۔ Prime Minister کو

کسی نے درخواست ہی نہیں دینی ہے۔Prime Minister نے کسی کے پاس جانا ہی نہیں ہے اورPrime Minister کے پاس کسی نے جانا ہی نہیں ہے۔ کسی نے ہاؤس میں بھی نہیں ملنا ہے اور ہاؤس سے باہر بھی نہیں ملنا۔ تو پھرat the end of the day کیا ہوتا ہے؟ ہم تو کہہ رہے ہیں کہ ہم جمہوری لوگ ہیں اور جمہوری روایات کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ لوگ اب کیا کہتے ہیں؟ لوگ کہتے ہیں کہ یہ جمہوریت کے اندر آمریت ہے۔ لوگ اس کو جمہوریت نہیں کہہ رہے ہیں۔ تمام قوموں پر اور تمام سربراہان پر مشکلات آئی ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ مشکلات نہیں آئیں مگر اس کوtackle کرنا ہوگا۔ کیا ہمارا دماغ خراب تھا اور کیوں ہمیں کسی نے مشورہ نہیں دیا۔ طاہر القادری صاحب جب اسلام آباد آئے تو ہم نے ایکInternational Airline کو لاہور کی طرف divert کر دیا۔ بھائی یہاں اترتا۔ جب وہاں گورنر اس کو receive کر سکتا ہے تو یہاں پر بھی ایک منسٹر اس کو receive کرتا اور ایکbulletproof گاڑی میں جلوس کے ساتھ اس کو لاہور بھیج دیتے۔ اس کی جھاگ وہی بیٹھ جانی تھی۔ جب گورنر نے اس کو receive کیا تو چار دن اس نے بات ہی نہیں کی۔ اس کے بعد ہمارے جو بیانات ہیں، مجھے تو سمجھ نہیں آ رہا کہ میں ایک شخص کو ایک طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا رہی ہوں اور دوسری طرف سے میں اس کو گالی گلوچ بھی دے رہی ہوں اور اس کے خلاف کیس بھی کھول رہی ہوں۔ اس کے گھر سے میںbarriers بھی ہٹا رہی ہوں۔ آپ نے کہا کہ ہم نے 30 ہزار پولیس کے اہلکار لگائے ہیں، پھر تو انہوں نے ڈنڈے اٹھانے ہیں۔ کچھ نہ کچھ تو پھر ہوگا ناں۔ آخر کار جواب میں تو کچھ نہ کچھ ہوگا۔

جناب چیئرمین! ابھی تک کچھ وقت ہے۔ میں آپ کے توسط سے دل کی گہرائیوں سے اور سوچ و سمجھ کے ساتھ کہہ رہی ہوں کہ آپ لوگ بات چیت کا دروازہ بند نہ کریں۔ جو بھی کہہ رہا ہے اس کو کہنے دو۔ اس کے کہنے اور کرنے میں بڑا فرق ہوتا ہے۔ یہ کبھی نہیں ہوتا کہ کوئی شخص یہ کہہ دے کہ فلاں فلاں کو مار ڈالو۔ جب کوئی کسی کو مار ڈالے گا تو پھر اس کو مارنے کا بھی پتا چل جائے گا اور مروانے کا بھی پتا چل جائے گا۔ ایسے تو کوئی ڈاکو بھی نہیں کہتے۔ پھر اس نے انکار بھی کر دیا کہ میں نے مذاق میں یہ بات کی تھی حالانکہ مذاق تو تھا ہی نہیں لیکن بہر حال اس نے کہا کہ میں نے مذاق میں یہ بات کی تھی۔ ہمارے اور آپ کے بہت سینیئر چوہدری شجاعت صاحب ہیں، بہت سینیئر پارلیمنٹرین ہیں۔ ہم لوگ پتا نہیں کیوں لوگوں کو کم نظری سے دیکھتے ہیں۔ اس لیے کہ ہماری اپنی نظریں بڑی تنگ ہیں۔ ہم خود بڑے narrow-minded ہیں۔ ہم اپنے ego کے آگے کھڑے ہو گئے ہیں۔ یہ انا کی جنگ ہو رہی ہے۔ اگر یہ انا کی جنگ نہ ہوتی تو جناب

چیئرمین! ہم اس نہج پر پہنچتے ہی نہیں۔ لوگ خوف زدہ ہیں۔ لوگ بھاگ رہے ہیں۔ لوگوں نے ٹکٹیں بک کروائی ہیں۔ ادہر دیکھیں کہ دو آدمی بیٹھے ہوئے ہیں۔ لوگ جارہے ہیں۔ اس لیے کہ وہ اپنے اپنے گھروں کو جائیں گے اور امن اور عزت سے رہیں گے۔ عزت سے پیاری تو کوئی چیز نہیں ہے۔ ہمیں کیا پتا ہے کہ آنے والے حالات میں کیا ہوتا ہے۔ خدانخواستہ کہیں یا آپس میں کوئی گتھم گتھا ہو جاتا ہے یا کوئی لڑائی ہو جاتی ہے اور آٹھ دس بندے چلے جاتے ہیں پھر تو سمجھ لیں کہ تباہی ہی تباہی ہے۔ پھر اتنی تباہی ہے تو پھر کوئی وجہ ہمارے پاس نہیں رہ جاتی ہے اور اس لڑائی کی وجہ سے ہم اپنے ان مسلمان بھائیوں کے لیے جنہوں نے اپنا وطن، اپنی جگہ چھوڑی ہے اور آج ہمارے فوجی جوان وہاں شہید ہو رہے ہیں۔

(آگے ی 13 پر ماری ہے)

T14-12Aug14 Naeem Bhatti/ED: Zafar Iqbal 1:40 p.m.

سینیٹر کلثوم پروین: (جاری۔۔۔۔۔T/13) آج وہاں ہمارے فوجی جوان شہید ہو رہے ہیں۔ ہم اپنے ان IDPs کو بھول گئے ہیں۔ ہم انہیں بھول گئے ہیں جو بڑے بڑے روزگار والے اور بڑے عزت دار لوگ ہیں، وہ اپنے گھروں سے نکلے ہیں، آج وہ دوسری جگہ بے سروسامانی کے عالم میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ آج وہ خوراک کے لیے پرچیاں لے کر جارہے ہیں۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ پٹھان میں اور کچھ ہو نہ ہو غیرت لازمی ہوتی ہے اور اس کی غیرت کبھی یہ تقاضا نہیں کرتی کہ وہ جا کر بھیک مانگے۔ وہ کبھی بھیک مانگنے والے نہیں تھے۔ آپ نے دیکھا کہ افغانستان میں کتنی جنگ ہوئی لیکن ان کی بادشاہت یا صدارت مسلمانوں کے ہاتھوں میں رہی۔ وہ روس جیسی طاقت کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہو گئے۔ اگر قوم میں ذرا بھی ظرف ہو اور اگر وہ مفادات کو چھوڑ کر اکٹھی ہو جائے تو پھر کوئی ایسی طاقت نہیں ہے جو اس پر فتح پا سکے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے کہنا چاہتی ہوں، ہمارے مشاہد اللہ بھائی یہاں بیٹھے ہوئے ہیں کہ خدا کے واسطے ابھی بھی وقت ہے، میاں صاحب بھی رائے ونڈ میں موجود ہیں، عمران خان صاحب بھی لاہور میں موجود ہیں، ہمارے چوہدری صاحب بھی موجود ہیں، طاہر القادری صاحب بھی موجود ہیں، کوئی انا، کوئی ego نہیں ہے، آپ اس تصادم سے بچیں، آگے کی پھر دیکھی جائے گی۔ اگر ہم نے

یہاں بھی اپنی انا کا مسئلہ رکھا، اگر ہم نے اپنی ناک اونچی رکھنے کی کوشش کی، ہماری ان کڑوی کسیلی باتوں سے ان کا کچھ نہیں جاتا، وہ do and die کی position پر آ گئے ہیں اور جب وہ یہاں آئیں گے، آپ پانچ ہزار لوگ کہہ لیں، دس ہزار لوگ کہہ لیں، خدانخواستہ کوئی اپنا ہی درمیان سے اٹھ کر شرارت کر دیتا ہے، جس میں پانچ دس لوگ اُڑ جاتے ہیں تو یقین جانیں پھر خدا ہی بچا سکے گا کوئی بندہ نہیں بچا سکے گا۔

جناب چیئرمین! میں جنرل قادر صاحب سے ایک اور گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ اگر خدا نے وقت اور مہلت دی تو وہ تشریف لائیں اور IDPs کے متعلق جو بھی صورت حال ہے اس کے بارے میں بتائیں۔ وہ کب تک اپنے گھروں کو جائیں گے؟ انہیں کب تک گھروں سے باہر رہنا ہو گا؟ کب تک یہ شریف اور خاندانی عورتیں ننگے سر باہر رہیں گی؟ وہ کب تک دور دور سے پانی بھر کر لاتی رہیں گی؟ ان کی حالتِ زار کے بارے میں ہمیں briefing دی جائے۔ خدا کرے یہ جمہوریت قائم رہے۔ جہاں تک ہماری طرف سے ہمارا ساتھ دینے کی بات ہے تو بالکل ہم ساتھ دینے کے لیے تیار ہیں، ہم نے ایک مرتبہ نہیں پچاس مرتبہ یہ بات کی ہے اور ہماری نیت پر شبہ نہیں کرنا چاہیے۔ ہمیں یہی جمہوریت وارا کھاتی ہے لیکن جب ہم دو لوگ آپس میں لڑیں گے تو جو تیسرا آدمی چھڑانے کے لیے آئے گا، وہی winner ہو گا، اسی کی win win position ہو گی اور پھر گلہ نہ کیجیے گا کہ ہم سے دیر ہو گئی۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو صاحب۔

Senator Dr. Abdul Qayoom Soomro

سینیٹر ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس موضوع پر بولنے کا موقع دیا۔ جناب والا! دو تین باتیں بہت ضروری ہیں اور مجھے وقت کا بھی احساس ہے۔ آج وطنِ عزیز انتہائی خطرناک صورت حال سے گزر رہا ہے۔ آج ہمارے ملک کی سالمیت اور جمہوریت کو اتنا خطرہ لاحق ہو گیا ہے جو شاید ساٹھ سالہ تاریخ میں کبھی لاحق نہیں ہوا۔ آج ایک طرف پاکستان کی فوج دہشت گردی، انتہا پسندی کے خلاف، ملکی سالمیت کے لیے، ملک کے دفاع کی جنگ لڑ رہی ہے تو دوسری طرف پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) اکٹھے ہو کر پاکستان کے اندر جمہوریت کی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ جو قوتیں جمہوریت کو derail کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اور جو سازشیں ہو رہی ہیں جن کے بارے میں کل وزیراعظم صاحب نے بھی یہ کہا کہ

ملک میں جمہوریت کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں، آخر میرا کیا قصور ہے اور اتنی جلدی کیا ایسی بات ہو گئی کہ یہ لوگ مارچ کی بات کر رہے ہیں؟

جناب چیئرمین! میں اس موقع پر یہ بات علی الاعلان کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی یہ پالیسی ہے اور میں انتہائی ذمہ داری سے یہ بات کر رہا ہوں کہ اس جمہوریت کو بچانے کے لیے، اس جمہوری حکومت کو بچانے کے لیے ہم ان کا ساتھ دے رہے ہیں اور ہم کسی شرط کے تابع نہیں ہیں، ہم غیر مشروط طور پر کل بھی جمہوریت کے لیے ان کے ساتھ تھے اور آج بھی ہم اس جمہوری حکومت کے ساتھ ہیں۔ ہماری خواہش اور کوشش ہے کہ یہ جمہوری حکومت اپنا پانچ سال کا وقت پورا کرے۔ یہ جمہوری نظام جس کے pioneer, اس کا اہتمام کرنے والے آصف علی زرداری صاحب ہیں، اس جمہوریت کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کی بہت زیادہ قربانیاں ہیں، اس جمہوری نظام اور جمہوری اداروں کے بچاؤ کے لیے محترمہ بے نظیر بھٹو نے قربانی دی، ہم اس جمہوریت کو آسانی سے derail نہیں ہونے دیں گے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے کچھ باتیں ضرور کرنا چاہتا ہوں کہ جب وزیراعظم صاحب یہ پوچھ رہے ہیں کہ میرا کیا قصور ہے، کیوں اس جمہوریت کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں تو میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں اور آپ پاکستان کی تاریخ کو دیکھیں تو یہ سازشیں تو اس وقت بھی ہو رہی تھیں جب سب سے پہلے وزیراعظم جناب لیاقت علی خان کو شہید کیا گیا تھا، ان کا کیا قصور تھا؟ اس کے بعد یہ سازشیں اس وقت بھی ہو رہی تھیں جب پاکستان کے پہلے elected جمہوری وزیراعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو کو شہید کیا گیا جنہوں نے پوری دنیا کے مسلمانوں کو اکٹھا کیا، جنہوں نے روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ دیا تھا، جنہوں نے حقیقی معنوں میں پاکستان کی مضبوط بنیاد ڈالی تھی۔ اس وقت ان کا بھی کوئی قصور نہیں تھا، ان کا قصور یہ تھا کہ انہوں نے پاکستان کو مضبوط base فراہم کی، ان کا قصور یہ تھا کہ انہوں نے پاکستان کے غریب عوام کی خدمت کی، ان کا یہی قصور تھا کہ انہوں نے پاکستان کے غریبوں کی بات کی، ان کا یہی قصور تھا کہ اس وقت کی بڑی بڑی super powers کے سامنے اپنی بات کی اور یہ کہا کہ میں پاکستان اور پاکستان کے عوام کے لیے ہوں، اس سے بڑا ان کا کوئی قصور نہیں تھا، انہیں پھانسی پر چڑھا دیا گیا۔ اس کے بعد یہ سازشیں یہاں نہیں رکیں، میں کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ کے ایک معصوم وزیراعظم محمد خان جونیجو کو بھی تین ساڑھے تین سال کے بعد انہی سازشوں کے تحت اقتدار سے علیحدہ کر دیا گیا اور انہی سازشوں کے تحت

جمہوریت اور جمہوری حکومت کو ختم کیا گیا۔ سازشوں کا یہ سلسلہ چلتا رہا، محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کو دو مرتبہ اقتدار سے علیحدہ کیا گیا، جناب نواز شریف صاحب کو دو مرتبہ اقتدار سے علیحدہ کیا گیا، اس لیے ان سازشوں کا سلسلہ شروع سے چلا آ رہا ہے لیکن یہاں ایک بات سمجھنے والی ہے جس کے بارے میں آج میں بات کرنا چاہتا ہوں، وہ کون سی بات ہے جسے ہم آج تک نہیں سمجھ سکے، وہ کون سی بات ہے جس سے ہم آج تک سبق حاصل نہیں کر سکے، وہ بات یہ ہے کہ ہم نے اپنے رویوں میں، ہم نے جمہوریت اور جمہوری رویوں کو نہیں اپنایا جس کی وجہ سے آج ہم یہ دن دیکھ رہے ہیں۔ اگر آج جمہوریت اسی sense میں ہوتی، جمہوریت جس کا نام آزادی ہے، جس میں سب کو بولنے کا حق ہے، ایسی جمہوریت جو جناب آصف علی زرداری صاحب نے پانچ سالوں میں دکھائی۔ تاریخ گواہ ہے کہ ساری دنیا ہمیں کیا کچھ نہیں کہتی تھی، میڈیا ہمارے خلاف کیا کیا پروپیگنڈہ نہیں کرتا تھا، ہمیں وہ دن یاد ہیں، ہم نہیں بھولے ہیں جب ہمارے خلاف یہی لوگ کالے کوٹ پہن کر عدالتوں میں گئے تھے۔ ہمارے خلاف بھی یہی لانگ مارچ ہوتے تھے لیکن اس کے باوجود ہمارا کردار، ہماری سیاست اور ہمارا طریقہ کار یہی تھا کہ ہمارا جمہوریت پر ایمان تھا، ہمیں یقین تھا کہ یہ وقتی حالات ہیں، آہستہ آہستہ ہم بہتری کی طرف جا رہے ہیں، ہم آہستہ آہستہ اچھائی اور تبدیلی کی طرف جا رہے ہیں۔ اگر اس وقت ہمارے رویوں میں جمہوریت اور برداشت نہ ہوتی، مخالفوں کی بات سننے کا حوصلہ نہ ہوتا تو شاید ہم اپنے پانچ سال پورے نہ کر پاتے۔ اس پانچ سال کی حکومت کو پورا کرنے کے نتیجے میں آج پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے کیونکہ جب ہم نے صبر سے ہر چیز برداشت کی لیکن جناب والا! یہ وقت اور تاریخ بہت بے رحم ہوتی ہے، یہ اپنے آپ کو دہراتی ہے، وقت اور حالات ایک جیسے نہیں رہتے۔

(جاری۔۔۔۔T/13)

T15-14Aug14 Ashraf/Ed.Altaf 0150 (05:28)

عبدالقیوم سومرو جاری۔۔۔۔

جناب چیئرمین! وقت اور تاریخ بڑے بے رحم ہیں۔ یہ اپنے آپ کو دہراتے ہیں۔ وقت اور حالات ایک جیسے نہیں رہتے۔ مکافات عمل بھی ایک چیز ہے۔ مجھے بڑا دکھ ہے اور میں یہ بات دکھ سے کہہ رہا ہوں، خوشی سے نہیں کہہ رہا ہوں کہ کل تک جس لاہور شہر

میں، پنجاب کے صوبے میں، جن ماڈل ٹاؤن کی گلیوں میں، جن جاتی عمرا کی گلیوں میں، جن رائے ونڈ کے محلوں میں ہمارے خلاف باتیں ہوتی تھیں، منتخب صدر کے خلاف باتیں ہوتی تھیں، میں وہ لفظ دہرانا نہیں چاہتا جو اس وقت اور آج کے وزیر اعلیٰ غیر ذمہ داری سے وہ باتیں کرتے تھے۔ ہم آج وہ باتیں نہیں کر رہے ہیں لیکن مکافات عمل یہ ہے کہ آج ماڈل ٹاؤن میں اس کے خلاف جو باتیں ہو رہی ہیں وہ ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ آج ان کے خلاف جو باتیں ہو رہی ہیں وہ ہم دہرا نہیں سکتے۔ ہماری زبان میں اتنی طاقت نہیں ہے اور ہمیں شرم آتی ہے کہ وہ باتیں جو ماڈل ٹاؤن میں کی جا رہی ہیں، وہ باتیں جو لاہور کی گلیوں میں کی جا رہی ہیں، منتخب وزیر اعلیٰ کے خلاف، منتخب وزیر اعظم کے خلاف، کابینہ کے خلاف ہم وہ باتیں دھرائیں لیکن میں یہ بات بتانا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ مکافات عمل کا وقت ہے۔ کل آپ اس طرح بولتے تھے اور ہم خاموش تھے۔ آج وہ میڈیا اور ٹی وی چینل جنہوں نے چوبیس گھنٹے صرف اور صرف پیپلز پارٹی کے خلاف بات کرنے کی قسم اٹھائی ہوئی تھی، جو چوبیس گھنٹے منتخب صدر کے خلاف اور منتخب وزیر اعظم کے خلاف اور پاکستان پیپلز پارٹی کی جمہوری حکومت کے خلاف باتیں کرتے تھے آج وہ مکافات عمل کا شکار ہیں۔ آج میں ان کو بھی برا بھلا نہیں کہہ سکتا لیکن ہمارا صبر تھا، آصف علی زرداری صاحب کا صبر تھا اور اس صبر کا نتیجہ یہ ہے کہ آج یہ ہمیں دور تک بھی نظر نہیں آ رہے ہیں۔ آج وہ ٹی وی چینل والے کہاں ہیں جو اتنی باتیں کرتے تھے۔

جناب چیئرمین! میں یہ بات کر رہا ہوں کہ جب تک ہمارے رویوں میں تبدیلی نہیں آئے گی۔ جب تک ہم پارلیمنٹ کو ایک مقدس ادارہ نہیں سمجھیں گے، جب تک ہم پارلیمنٹ کو مضبوط نہیں کریں گے تب تک ہم اس جمہوریت کو نہیں بچا سکتے ہیں۔ یہ بات میں دوبارہ دھرا رہا ہوں کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ پارلیمنٹ مضبوط ہو۔ ایسا نہ ہو میاں صاحب! آپ کا تو یہ طرز عمل ہے کہ وزیر اعظم بننے کے ایک سال بعد سینیٹ میں ہمیں آپ کی زیارت نصیب ہوئی۔ یہ طریقہ کار نہیں ہے۔ اس کو مضبوط کریں گے، اس کی حفاظت کریں گے تو آپ کا اقتدار بھی مضبوط رہے گا۔ اگر اس کی حفاظت نہیں ہو گی، اگر ہر تقریر میں اور ہر جلسے میں صرف یہ بات ہو گی اور اگر شاباش صرف میاں شہباز شریف کو ملے، اگر شاباش صرف ہمارے وزیر فنانس کو ملے اور باقی لوگ اس انتظار میں ہوں کہ میاں نواز شریف کی نظر کب ہماری طرف آئے گی اور ہمیں بھی کوئی شاباش ملے۔ ایسا نہیں ہوتا ہے کہ شاباش کے لیے تو صرف دو بندے ہوتے ہیں لیکن جب قربانی کا وقت آتا ہے تو پھر رانا ثناء اللہ کو آگے کر دیتے ہیں کہ تم آگے ہو جاؤ۔ او بھائی ایسا نہیں ہے۔ آپ نے جو زیادتیاں اور جو ظلم کیے ہیں ان کا بھی

آپ کو حساب دینا ہے لیکن اس کا طریقہ کار بھی یہ ہے کہ آپ ان کا ازالہ کریں۔ چودہ بندوں کا قتل آپ کے گلے پڑا ہوا ہے۔ آپ کیوں وضاحت نہیں کرتے ہیں۔ ان بے گناہ بندوں کا کیا قصور تھا؟ آپ مجھے بتادیں کہ رات کے اندھیروں میں جاکر انہوں نے جو آپریشن کیا جس میں اتنے بے گناہ شہید ہو گئے۔ اس کا سبب بتائیں، ایک وجہ بتائیں کہ ان کا کیا قصور تھا۔ ہم قادری صاحب کی وکالت کے لیے یہاں نہیں ہیں لیکن حقیقت تو حقیقت ہوتی ہے۔ آج بھی وہ حقیقت رہے گی اور آنے والے دنوں میں بھی یہ سوال رہے گا۔ اتنا بڑا سوال جس کا جواب مل نہیں پارہا۔ اس لیے حالات خراب ہو رہے ہیں۔

آج جو یہ دونوں مل گئے ہیں، آج جو انہوں نے اسلام آباد پر چڑھائی کی بات کی ہے وہ کیوں کر رہے ہیں۔ اس لیے کہ آپ کا کردار سیاسی حوالے سے، جمہوری حوالے سے مشکوک ہے۔ آپ اپنے کردار کو بہتر بنائیں۔ آپ اپنے کردار، اپنی گفتار کو بہتر بنائیں، اپنی باتوں میں وزن پیدا کرو، اپنے عمل سے وزن پیدا کرو۔ اس حوالے سے میں آخر میں یہ کہوں گا کہ مجھے احساس ہے کہ وقت کم ہے۔ میں یہ کہنے والا ہوں کہ آصف علی زرداری کی آج بھی پالیسی یہ ہے۔ جناب مشاہداللہ صاحب! میں انتہائی معذرت کے ساتھ آپ کو یہ بات بتانا چاہتا ہوں کہ آپ نے کل کہا کہ پیپلز پارٹی کا یہ رول clear cut نہیں ہے۔ بھائی اس سے زیادہ clear cut role اور کیا ہونا چاہیے۔ یہ تو آپ آج کہہ رہے ہیں کہ ہماری حکومت کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں۔ ہم نے تو سات آٹھ ماہ پہلے کہا تھا اور صدر زرداری صاحب نے نوڈیرو میں اپنی تقریر میں ان اداروں میں یہ clear cut message دیا کہ میاں نواز شریف قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ اس وقت وہ محسوس کر رہے تھے کہ جمہوریت کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ ہم نے نواز شریف کی حمایت اپنے جلسوں میں وہاں پر بھی کی۔ ہم نے کبھی منافقانہ کردار ادا نہیں کیا۔ اس کے بعد بھی جناب زرداری صاحب میاں صاحب سے اسلام آباد میں وزیر اعظم ہاؤس میں آکر ملے تھے۔ اس نے کہا تھا کہ میاں صاحب! جمہوریت پر خطرات منڈلا رہے ہیں، میں یہ محسوس کر رہا ہوں، آپ کیوں نہیں سمجھتے۔ آپ کو یہ چیز سمجھنی چاہیے۔ پیپلز پارٹی آپ کے ساتھ ہے۔ ہم مل کر اس کا دفاع کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

سینیٹر عبدالقیوم سومرو: میں آخری بات کرتا ہوں۔ مجھے ایک بات یاد ہے اور میں آج وہ بات دہراتا ہوں، اپنی memory recall کرتا ہوں۔ میں نے ایک دن زرداری صاحب سے پوچھا کہ آپ کیوں صدر بننا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مجھے جواب دیا کہ میں اپنی ذات کے لیے نہیں بننا چاہتا ہوں۔ میں اس لیے بننا چاہتا ہوں کہ یہاں سے جمہوریت کے خلاف جو سازشیں ہوتی تھیں میں ان کو روکوں۔ اس نے اپنے عمل کے ذریعے پانچ سال پورے کر کے دکھائے اور کسی سازش میں شریک نہیں ہوئے۔ آج آپ لوگ کیسے یہ طعنہ دے سکتے ہیں کہ جمہوریت بچانے کے لیے ہمارا کردار منافقانہ ہے۔ جمہوریت بچانے کے حوالے سے ہمارا کردار نہ پہلے منافقانہ تھا نہ آج منافقانہ ہے اور نہ کل ہوگا۔ ہم اس جمہوری سسٹم کو بچانے کے لیے آخری حد تک جائیں گے اس کے لیے چاہے ہمیں کتنی ہی قربانیاں دینی پڑیں۔ ہم اپنے ضمیر کے لحاظ سے آج بھی صاف ہیں، کل بھی صاف تھے اور انشاء اللہ آنے والے دنوں میں بھی جمہوریت کے لیے اسی طرح رہیں گے کیونکہ ہمیں احساس ہے، ہمیں جمہوریت سے محبت ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔

سینیٹر عبدالقیوم سومرو: صرف ایک منٹ اور لوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تیسری دفعہ آپ سے کہہ رہا ہوں۔

سینیٹر عبدالقیوم سومرو: دو دن میں میرے سامنے ایک بات نہیں ہوئی ہے معذرت کے ساتھ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وزیر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں جی۔

سینیٹر عبدالقیوم سومرو: ایک منٹ جی، دو دن میں، میں نے نہیں سنا اگر میری عدم موجودگی میں کوئی بات ہوئی ہے تو مجھے نہیں پتا۔ اقلیتوں کے حوالے سے ایک دن منایا گیا تھا لیکن یہاں اس پر بات نہیں ہوئی تھی۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ سینیٹ میں بات ہونی چاہیے تاکہ ہمارا پیغام چلا جائے کہ ہم اقلیتوں کے ساتھ ہیں۔ اسی بات پر میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب سعید غنی صاحب۔

Senator Saeed Ghani

سینیٹر سعید غنی: بہت شکریہ، جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بات شروع ہوئی ہے کہ جو آرٹیکل 245 کا نفاذ اسلام آباد میں کیا گیا ہے اور ایک ٹی وی پروگرام میں پرویز رشید صاحب میرے ساتھ تھے جنہوں نے یہ فرمایا کہ اسلام آباد میں فوج ضرب عضب شروع ہونے کے وقت سے موجود ہے اور ہماری sensitive installations کی سکیورٹی پر تعینات ہے لیکن فوج کو legal cover کی ضرورت تھی اس لیے ہم نے اس آرٹیکل کا نفاذ کیا ہے۔ سوال یہ تھا کہ جب پہلے سے فوج موجود ہے اور آپ نے رینجرز کو بھی اسلام آباد میں بلا لیا تھا۔ فوج اور رینجرز کا یہاں موجود ہونا یقینی طور پر کسی قانون کے تحت ہی ہوگا۔ ایسا نہیں ہوگا کہ ایک صبح کسی نے ان کو فون کیا ہوگا اور وہ آ کر ان جگہوں پر کھڑے ہو گئے ہوں گے۔ سی آر پی سی میں بھی ایک سیکشن موجود ہے کہ فوج کو کسی بھی ایسی صورت حال میں طلب کیا جا سکتا ہے جہاں سول ایڈمنسٹریشن ناکام ہو جائے لیکن اس میں اور آرٹیکل 245 میں فرق یہ ہے کہ آرٹیکل 199 کے تحت ہائی کورٹ کے اختیارات معطل ہو جاتے ہیں۔ بہر حال اس پر بہت ساری بات ہوئی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اسلام آباد میں آرٹیکل 245 کے نفاذ کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ اب تو شاید پورے پنجاب میں بھی اس کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔

کل مشاہد اللہ خان صاحب نے فرمایا کہ ہماری خوش قسمتی تھی کہ ہماری اپوزیشن نون لیگ کی تھی۔ جب کہ نون لیگ کی بد قسمتی یہ ہے کہ ان کا واسطہ پی ٹی آئی سے پڑا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسی چیز کو آپ دوسرے انداز سے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ اس وقت حکومت پیپلز پارٹی کی تھی جس نے political challenges کو politically handle کرنے کی کوشش کی اور کامیابی سے کی۔ اس وقت حکومت پی ایم ایل (این) کی ہے جو political challenges politically handle نہیں کرتے بلکہ ہاتھ میں ڈنڈا لے کر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

میری گزارش اتنی ہے کہ آپ تھوڑا سا پیچھے چلے جائیں کہ جب 16 جون کو آپریشن کا آغاز ہوا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کے لیے وہ ایک golden opportunity تھی۔ حکومت اس وقت تک تمام crisis جن کا اس کو سامنا تھا اگر وہ دانش مندی کا مظاہرہ کرتی تو ان تمام crisis سے باہر آ سکتی تھی۔ حکومت کی یہ ذمہ داری بنتی تھی کہ جس دن آپریشن کا آغاز ہوا اس دن وہ

پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیتی لیکن اس نے ایسا نہیں کیااور political parties کو اعتماد میں نہیں لیا لیکن اس کے باوجود تمام سیاسی جماعتیں آپ کے ساتھ کھڑی تھیں۔

جاری۔۔۔۔

T16-12AUG2014 SAIFI TIME 200

سینیٹر سعید غنی:۔۔۔۔ جاری ہے۔۔۔۔۔ تمام سیاسی جماعتیں آپ کے ساتھ کھڑی تھیں، یہ آپ کی ذمہ داری تھی کہ آپ قومی یکجہتی پیدا کرنے کے لیے national campaign شروع کرتے کہ پوری قوم پاکستانی فوج کے پیچھے کھڑی ہو اور آپریشن کی support کرے لیکن آپ نے کیا کیا۔ آپ نے سترہ تاریخ کو بیرئیر ہٹانے کے لیے آپریشن شروع کر دیا، آپ نے کہا کہ عدالتوں کے فیصلے تھے، لوگ فیصلے ہاتھوں میں لے کر پھر رہے تھے۔ کیا عدالتوں کے فیصلے سولہ جون کو آئے تھے، پندرہ جون کو آئے تھے، سترہ جون کو آئے تھے، عدالتوں کے فیصلے تو بہت پہلے کے تھے اور بیریئر ایک جگہ نہیں بے شمار جگہوں پر موجود تھے۔ چلیں یہ آپ کا فیصلہ تھا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جس شخص نے PML(N) پنجاب حکومت کو یا وفاقی حکومت کو یہ تجویز دی کہ جناب یہ عدالتی فیصلے آپ کے ہاتھ میں ہیں، چلے جاؤ اور طاہر القادری کے ہیڈ کوارٹر کے بیرئیر ہٹاؤ، ان کی دھنائی کرو تاکہ جب طاہر القادری جب لینڈ کرے تو لوگ اس کو receive کرنے نہ جائیں وہ خوف زدہ ہو جائیں وہ شخص PML(N) کے کسی بھی عہدے پر فائز ہے میں یقین سے کہہ سکتا ہوں وہ آپ کا آدمی نہیں ہے، وہ آپ کا ہمدرد نہیں ہے وہ آپ کا بھی دشمن ہے اور اس ملک میں آنے والی جمہوریت کا بھی دشمن ہے۔ آپ کو تو مشکل نہیں تھی ان لوگوں کو تلاش کرنے کی کہ کون لوگ ہیں جو آپ کے ساتھ سازشیں کر رہے ہیں۔ کل میاں صاحب بھی کہتے ہیں کہ بیرونی سازشیں ہیں، بھئی ہونگی، اگر ہیں تو نام بتائیں کون کون سے ممالک ہیں؟ آپ کہہ سکتے ہیں کہ ہماری حکومت کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں کون کر رہے ہیں مجھ سے زیادہ آپ کو پتا ہوگا۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ یہ چیز آپ کے لیے خفیہ نہیں ہے آپ کو پتا ہوگا کہ کس شخص نے یہ کہا تھا کہ بیرئیر ہٹاؤ، کس شخص نے پولیس کو کہا تھا ان پر attack کر دو۔ وہ شخص آپ کا دشمن ہے، اس کے قدموں کے پیچھے جاؤ، آپ کو بہت سے کردار مل جائیں گے کہ کون لوگ ہیں جو آپ کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں، کون لوگ ہیں جو آپ کے درمیان بیٹھ کر جمہوریت کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں۔

جناب والا! پیپلز پارٹی کے دور میں جب طاہر القادری صاحب آ رہے تھے تو نہ ہم نے لینڈ کرتے وقت ان کا طیارہ divert کیا تھا، نہ ہم نے اسلام آباد آتے وقت ان کے راستے میں رکاوٹیں ڈالی تھیں۔ میں تو انتظار کر رہا تھا کہ جب طاہر القادری صاحب دوبارہ نکلیں گے تو پنجاب حکومت، چونکہ اسی شہباز شریف کے ہاتھ میں ہے، وہی اس کے سربراہ ہیں جو 2012 میں تھے۔ پنجاب حکومت اسی طرح کے اقدامات کر کے طاہر القادری کو خیر و عافیت کے ساتھ پنجاب کی حدود سے باہر روانہ کرے گی جس طرح 2012 میں کیا تھا۔ آپ نے پورے پنجاب میں کرفیو لگایا، آپ نے پورے پنجاب میں کنٹینر کھڑے کئے، آپ نے پورے پنجاب میں پٹرول بند کیا، آپ نے پورے پنجاب کے کروڑوں لوگوں کی زندگی اجیرن کر دی۔ ان لوگوں کا کوئی قصور نہیں تھا، اس میں سے بہت بڑی تعداد میں لوگوں نے آپ کو ووٹ دیا۔ آپ کو اندازہ ہے کہ اس محاصرے کی وجہ سے کروڑوں نہیں اربوں روپے کا نقصان جو کنٹینرز آپ نے روکے ہوئے ہیں۔ آپ نے کسی کا خیال نہیں کیا، آپ نے صرف طاہر القادری کے چند ہزار لوگوں کو روکنے کے لیے کہ وہ ماڈل ٹاؤن نہ پہنچ سکیں، آپ نے پنجاب کے کروڑوں لوگوں کو سزا دی۔ اب اگر ان تمام غیر دانشمندانہ فیصلوں کا، جس کا ذمہ دار سوائے PML(N) کی حکومت کے کوئی دوسرا فرد نہیں ہے آپ یہ کہیں کہ ہمارے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں ان سازشیوں میں آپ کے اپنے لوگ شامل ہوں گے۔ اگر آپ طاہر القادری صاحب کو land کرنے دیتے، جانے دیتے، کچھ نہیں ہونا تھا۔ اگر آپ عمران خان صاحب کو آنے دیتے وہ آ کر یہاں بیٹھ جاتے کچھ نہیں ہونا تھا لیکن آپ نے اس confrontation کو جس کا آغاز طاہر القادری اپنی تقریروں کے ذریعے کر رہا تھا، لیکن آپ نے اس کا جواب تقریروں سے نہیں دیا۔ آپ نے اس کا جواب گولیوں سے دیا۔ آپ نے طاہر القادری کو وہ مواقع فراہم کئے جس کی وہ تلاش میں تھا۔ آپ نے طاہر القادری کا political temperature جس حد تک وہ پہنچانا چاہتا تھا آپ نے اس میں fuel ڈالا ہے۔ آپ نے اس پر پانی نہیں ڈالا، آپ نے ہر ممکن کوشش کی ہے جس کے ذریعے طاہر القادری جہاں جس مقام پر پہنچنا چاہتا ہے وہ پہنچ جائے۔ آپ تصور کیجیئے کہ اگر سترہ جون کو ماڈل ٹاؤن کا واقعہ نہ ہوتا اور طاہر القادری یہ صبح و شام تقریریں نہ کر رہا ہوتا۔ کیا اس کو لوگ لعنت و ملامت نہ کرتے کہ فوج ہماری دشمنوں کے ساتھ لڑائی کر رہی ہے اور تم یہاں پر ڈرامے رچا رہے ہو لیکن آپ نے اس کو چودہ لاشیں دے دی۔ اس کو موقعہ ملا، ہم بھی یہ کہتے ہیں کہ آپ نے اس کے ساتھ ظلم کیا، ہر سیاسی فرد، عام آدمی کھڑے ہو کر کہتا ہے کہ آپ نے اس کے ساتھ زیادتی کر دی۔ یہ قصور آپ کا ہے، آپ دوسروں کو جب لعنت و ملامت کرتے ہیں، جب آپ کہتے ہیں کہ سازشیں ہو رہی ہیں اپنے

لوگوں کو تلاش کیجیئے، اپنی کوتاہیوں کو ڈھونڈیے، اپنی خامیوں کو ڈھونڈیے کہ وہ کیا اسباب ہیں حالات یہاں تک پہنچ گئے ہیں۔ آج آپ کہتے ہیں کہ ہم بات کرنے کے لیے تیار ہیں، یہ چیزیں آپ پندرہ بیس دن پہلے بھی کہہ سکتے ہیں۔ سیاسی لوگوں کے لیے راستے تلاش کرنا مشکل نہیں ہوتا۔ اگر عمران خان آپ سے بات نہیں کرنا چاہتا وہ اگر خراب راستہ اختیار کرتا تو لوگ اس پر لعنت و ملامت کرتے، اس کو برا بھلا کہتے۔

جناب والا! میں آپ کو ایک چھوٹا سا واقعہ بتاؤں شاید اس سے اس کا تعلق نہ ہو، میں دو مرتبہ UC council کا ناظم مقرر ہوا ہوں اور مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب بھی کبھی چھ سات دن کی چھٹیاں آتی تھیں، جب صفائی کرنے والے لوگ چھٹیوں پر جاتے تھے تو ان دنوں میں ہمارے علاقے میں سیوریج لائینیں بند ہو جاتی تھیں۔ ہم سب پریشان تھے کہ یہ چھٹیوں میں کیوں بند ہو جاتے ہیں۔ ہم نے خاص لوگ بلائے اور کہا کہ تلاش کیجیئے چونکہ میں یو سی ناظم تھا اور ذمہ داری تھی صفائی کروانے کی، جب ہم صفائی کرواتے تھے تو تکیے نکلتے تھے، شاپر نکلتے تھے جس میں ریت بھری ہوتی تھی۔ اب ہم یہ نہیں ڈھونڈتے تھے کہ کن لوگوں نے کیا ہے، ہم یہ نہیں روتے تھے کہ ہم کیا کریں، لوگوں نے سیوریج لائنیں بند کر دی ہیں۔ ہماری ذمہ داری تھی کہ لائینوں کو کھولیں جو choke ہو گئی ہیں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔ روکاوٹیں کون ڈال رہا ہے یہ آپ کا issue نہیں ہے، یہ اس ملک کے لوگوں کا مسئلہ نہیں ہے کہ کون آپ کے راستے میں روکاوٹ ڈال رہا ہے، یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ ان روکاوٹوں کو ہٹاؤ۔ آپ یہ رونا نہیں رو سکتے کہ دیکھیں جی میں نے تو گلیاں بنادیں، میں نے تو سڑکیں بنادیں، میں تو بجلی کے پلانٹ لے کر آ گیا لیکن لوگ مجھے کام کرنے نہیں دے رہے، اگر نہیں کرنے دے رہے تو ذمہ داری آپ کی بنتی ہے کہ آپ ایسے حالات پیدا کریں کہ لوگ آپ کے لیے راستے سے روکاوٹیں ہٹائیں۔ مجھے محسوس یہ ہو رہا ہے کہ حکومت کو اس سارے ماحول میں یقین ہو گیا ہے کہ ہم جا رہے ہیں۔ یہ انہوں نے طے کر لیا کہ ہم جا رہے ہیں۔ اگر مجھے یہ پتا چل جائے کہ اگلے جمعے تک میں نے مر جانا ہے، سو فیصد مر جانا ہے، میں اس جمعے کے دن کے آنے سے پہلے مر جاؤں گا۔ اس خوف میں، میں چلوں گا، ٹکرا کر گر جاؤں گا، مر جاؤں گا وہ شخص آ رہا ہے، مجھے کولی مارے گا میں مر جاؤں گا۔ میں سڑک سے گزروں گا تو گاڑی مجھے مار دے گی میں مر جاؤں گا۔ میں ایک انچ نہیں چل سکتا، میں ایک درست فیصلہ نہیں کر سکتا۔ 2012 میں جب قادری صاحب آ رہے تھے اس ملک کا ہر فرد یہ کہہ رہا تھا کہ یہ حکومت جا رہی ہے سوائے ہمارے، ہم نے اس کا کامیابی سے مقابلہ کیا۔ کون سا ایسا شخص تھا جس کو یقین نہیں تھا، جب افتخار چوہدری جیسا بد دیانت چیف جسٹس یہاں بیٹھا ہو، آپ تو خوش قسمت ہیں کہ وہ نہیں ہے، سپریم کورٹ سے نہ ticker چل رہے ہیں، نہ کوئی وارنٹ

نکل رہے ہیں، نہ کوئی فیصلہ آ رہا ہے، کچھ نہیں ہو رہا، نہ چینل یہ بتا رہے ہیں کہ آج گئے کل گئے۔ کوئی چینل آپ کے وقت میں یہ نہیں کر رہا، کچھ چینل ٹھنڈے پڑ گئے اپنی مصیبت ان کو پڑی ہوئی ہے، آپ تو بڑے خوش قسمت ہیں۔ آپ کے پاس اپنی اکثریت ہے، افتخار چوہدری نہیں ہے، جیو گروپ آپ کے پیچھے نہیں ہے، اکثریت آپ کے پاس موجود ہے، سیاسی جماعتیں آپ کے ساتھ کھڑی ہیں۔ ہمارے وقت میں یہ ساری چیزیں نہیں تھیں لیکن ہمیں یقین تھا کہ ہم ان چیلنجوں کا سامنا کر سکتے ہیں اور ہم نے کیا۔ آپ کے اندر جو خوف ہے کہ ہم جا رہے ہیں یہ خوف اپنے اندر سے نکالو، آپ لوگوں کو یقین دلاؤ کہ آپ نہیں جا رہے۔ پھر میں دیکھتا ہوں کہ آپ کیسے کامیاب نہیں ہوتے۔ آپ آج بھی یہ فیصلہ کر و کہ جو لوگ آنا چاہتے ہیں، آئیں، بیٹھیں جتنے دن بیٹھنا چاہتے ہیں بیٹھیں، آپ کو کچھ نہیں ہو گا لیکن اگر آپ روکاوٹیں کھڑی کریں گے، خندقیں کھودیں گے، پولیس کا استعمال کریں گے، کنٹینر لگائیں گے، مارشل لاء جیسی صورت حال آپ خود پیدا کر دیں گے تو معاف کیجیئے گا اگر آپ خود جانے کو تیار ہو جائیں تو آپ کو کوئی نہیں روک سکتا۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر اس ملک کی جمہوریت پسند جماعتیں آپ کو سپورٹ کرنا چاہتی ہیں، آپ کے پیچھے کھڑا ہونا چاہتی ہیں، آپ کو ٹیک دینا چاہتی ہیں، تھوڑے سے گھٹنے اپنے بھی تو سیدھے کر لیں۔ تھوڑی سی ہمت تو پیدا کریں، تھوڑی سی دانش مندی تو پیدا کریں، ہو سکتا ہے آپ کو جمہوری نظام خطرے میں نظر آ رہا ہو لیکن اگر ہمارا اپنا ایمان کمزور ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں اس سے زیادہ خطرے کی بات اور کوئی نہیں ہے۔

پیپلز پارٹی کو کل بھی انہوں نے کہا اور اکثر لوگ کہتے ہیں کہ سمجھ نہیں آتی یہ کس طرف ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پیپلز پارٹی میں جتنی clarity اس وقت ہے کسی پارٹی کے پاس نہیں ہے۔ اگر عمران خان مارچ کرنا چاہتے ہیں تو ہم کہتے ہیں اس کا حق ہے اس کو کرنے دو، اگر وہ کہتا ہے کہ وزیر اعظم کو استعفیٰ دینا چاہیے، غیر آئینی راستہ اختیار کرنا چاہیے ہم کہتے ہیں نہیں یہ تمہارا حق نہیں ہے۔ PML(N) اگر یہ کہتی ہے کہ ہم لوگوں کو نہیں نکلنے دیں گے ہم آپ کو کہتے ہیں یہ غلط بات ہے آپ نہیں کر سکتے۔ جہاں تک جمہوری نظام کو آگے بڑھانے کی بات ہے آپ کی مدت کی تکمیل کی بات ہے ہم کہتے ہیں یہ آپ کو کرنا چاہیے یہ آپ کا حق ہے۔ اس سے زیادہ clarification آپ کو کیا چاہیے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ جو اپوزیشن کی جماعتوں کا حق ہے وہ ان کو آپ دیجیئے، جو آپ کا حق ہے وہ آپ کو ملنا چاہیے۔ آپ کے حق کے لیے ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں ان کے حق کے لیے ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پیپلز پارٹی سے زیادہ clarity اور کسی جماعت میں نہیں ہے۔

جناب والا! میں ایک اور وضاحت کر دوں شاید آپ کو یاد ہو کہ ایک سال پہلے سکندر صاحب اسلام آباد میں آئے تھے، انہوں نے ایک تماشا لگایا تھا، مجھے یاد پڑتا ہے کہ میں نے یہاں پر تقریر بھی کی تھی، میں نے اس وقت کہا تھا کہ مجھے اس بات سے خوف آ رہا ہے کہ جس انداز میں اس حکومت نے سکندر کے مسئلے کو handle کیا ہے، اگر سکندر کے مسئلے کو handle کرنے میں اتنے ناکام ہو سکتے ہیں تو خدانخواستہ کل کوئی بڑا چیلنج ان کے سر پر آ گیا تو یہ کیا کریں گے تو میرا وہ خوف آج صحیح ہو رہا ہے۔ آپ کے سامنے سکندر کے مقابلے میں تھوڑا سا بڑا چیلنج آ گیا ہے آپ اپنے ہاتھ پیر چھوڑ گئے ہیں۔ خدا کے لیے آپ کو اپنے اوپر، پارلیمنٹ پر، جمہوری سسٹم پر اعتماد ہونا چاہیے یہ سسٹم اتنا کمزور نہیں ہے کہ ایک مارچ سے، کسی کے کہنے سے چلا جائے۔۔۔۔ جاری ہے۔۔۔۔

T17-12AUG2014 2:10 P.M. FAHEEM/ ED Javed

سینیٹر سعید غنی: (جاری۔۔۔۔) خدا کے لیے آپ کو اپنے اوپر، پارلیمنٹ کے اوپر، جمہوری نظام کے اوپر اعتماد ہونا چاہیے، یہ نظام اتنا کمزور نہیں ہے کہ ایک مارچ سے یا کسی کے کہنے سے چلا جائے۔ ہاں پھر میں گزارش کروں گا کہ اگر ہم خود ہی ہاتھ پیر چھوڑ دیں تو پھر ایسا ہو سکتا ہے۔ میں آخر میں صرف ایک اور گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ ایک موقع اچھا تھا، میں نے متعدد مرتبہ یہاں پر اس بات کی نشاندہی انتخابات سے پہلے کی بھی تھی کہ یہ Election Commission نالائق ہے، نااہل ہے اور جو ذمہ داریاں اس پر اس پارلیمنٹ نے، اس قوم نے ڈالی تھیں وہ ان کو پورا کرنے میں نام ہو گیا۔ اگر تمام سیاسی جماعتیں یہ کہتی ہیں کہ دھاندلی ہوئی ہے، کوئی آپ پر انگلی اٹھاتا ہے، کوئی دوسرے پر انگلی اٹھاتا ہے لیکن جو لوگ اس کے ذمہ دار ہیں، ان کی طرف کوئی نہیں جا رہا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت کو چاہیے، اس پارلیمنٹ کو چاہیے کہ اس Election Commission کے چاروں ارکان کے خلاف Article 209 کے تحت reference file کرے اور ان کو فارغ کروائے اور ان کے خلاف تحقیقات کروائے کہ اس Election میں دھاندلی کرنے والی کون کون سی قوتیں تھیں، کون کون سے کردار تھے جن کی وجہ سے اس پورے نظام پر شکوک و شبہات پیدا ہو گئے ہیں۔ اگر ہم یہ کر جائیں گے تو یہ Election Commission کے ارکان آپ کے سامنے آ کر خود بتائیں گے کہ کس کس شخص نے، کس کس ادارے نے اس Election کے نظام کو تباہ و برباد کیا ہے جس کی آج ہم اور آپ مصیبتیں جھیل رہے ہیں اور ان سے کوئی نہیں پوچھ رہا جو اس کے ذمہ دار ہیں۔ لہٰذا Election Commission کو فارغ کیا جانا چاہیے اور ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے اور ان کو سزائیں ملنی

چاہییں تاکہ آئندہ آنے والا جو بھی نظام ہو، جو Election Commission کے ارکان ہوں ان کو یہ نہ لگے کہ ہمیں ایک مرتبہ بٹھا دیا ہے اور اب چار سال تک ہمیں کوئی ہٹا نہیں سکتا۔ انہیں یہ بھی خوف ہو کہ اگر ہم نے اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو ہمیں سزا بھی ہو سکتی ہے اور ہماری جواب طلبی بھی ہو سکتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب مختار احمد دھامرا صاحب۔

Senator Mukhtar Ahmed Dhamra

سینیٹر مختیار احمد دھامرا: شکریہ جناب چیئرمین۔ انتہائی اہم موضوع پر یہ بحث چل رہی ہے اور مجھے جناب چیئرمین! بڑے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ left side پر جو حکومتی ارکان اور وزراء کی تعداد ہے حتیٰ کہ جو concerned Ministry ہے خاص طور پر جنہوں نے خود ساختہ boycott کیا ہوا ہے اس ایوان کا، مگر اس صورتحال میں جہاں پر پورے ملک میں ایک بحث ہو رہی ہے اور آئین کے Article 245 پر بحث ہو رہی ہے، اس میں حکومتی سنجیدگی کا عالم ہمارے سامنے ہے۔ اس سے کچھ اندازہ مجھ جیسا کم عقل اور چھوٹا سا سیاسی کارکن بھی لگا سکتا ہے۔ لہٰذا آپ اس Article کے حوالے سے جو message بھیجنا چاہ رہے ہیں اس پارلیمنٹ سے اور جمہوری قوتوں کی جو تشویش ہے، ہم تو سمجھ رہے تھے کہ شاید حکومت نے یہ Article لگا تو دیا ہے مگر شاید انہیں اپنی غلطی کا احساس ہو جائے اور ان ایوانوں میں جب اس Article پر بحث تو وہ seriousness کا مظاہرہ کریں گے۔ مگر آج کی اس strength سے جناب چیئرمین! آپ کو، پورے میڈیا کو اور تمام political stakeholders کو اب یہ بات سمجھ میں آ رہی ہے اور خاص طور پر جب میری پارٹی کی senior leadership اس حکومت کو مشورے دے رہی ہے، نظام کو بچانے کی بات کر رہی ہے تو کارکنوں کا ایک سوال ہم سے ہوتا ہے اور خاص طور پر کل جو اس ایوان میں Leader of the Opposition کی بات کے بعد حکومت کی طرف سے یہ طعنے بازی کی گئی، دانستہ یا غیر دانستہ کہ یہ آپ کی دوغلی پالیسی ہے، یہ آپ کا دوغلا پن ہے تو میں نے اسی وقت یہ سمجھا تھا کہ شاید جذبات میں یہ بات ہو گئی ہو گی۔ کوئی analysis نہیں ہو گا مگر کبھی کبھی الفاظ نکل جاتے ہیں اور آج کا جو عالم دیکھ رہا ہوں میں اس طرف سے تو مجھے بات سمجھ آ رہی ہے کہ یہ موجودہ حکومت کی باقاعدہ پالیسی ہے کہ ان کو اپنے ہی رفقا کے علاوہ کسی کے مشوروں کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! باوجود اس بات کے کہ کل اور آج پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی قیادت نے حکومت کو جس سنجیدگی کا مشورہ دیا ہے،

negotiation کا مشورہ دیا ہے، یہ ہم پر لازم ہے کہ ان ایوانوں میں جب ہم صورتحال کو ہاتھوں سے نکلتا ہوا دیکھ رہے ہیں اور محسوس کر رہے ہیں تو ہم اپنی بات record پر ضرور لائیں۔

جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے حکومت وقت کو یہ کہتا ہوں کہ بات چیت کرنا ایک مشکل کام بھی ہوتا ہے۔ یقیناً شروع شروع میں جب آپ ضد کے گھوڑے پر سوار کسی فرد سے بات کریں گے تو آپ کو دشواری کا سامنا تو کرنا پڑے گا۔ اسی لحاظ سے میں اور مثال نہیں دے رہا ہوں، میں آپ کو اپنی ہی Cabinet کی مثال دے رہا ہوں کہ جس حکومت کو اپنے ہی وزیر داخلہ کو منانے کے لیے اڑھائی سے تین مہینے لگ گئے، کئی وفود بھیجے گئے ان کو منانے کے لیے، مجھے یہ بھی پتا ہے کہ اس کی تردید ہو گی کہ نہیں جناب آپ تو الزامات لگا رہے ہیں مگر اس دور میں کس کو پتا نہیں، پوری قوم اس بات سے آگاہ ہے کہ آپ اپنے وزیر داخلہ کو منانے کے لیے Cabinet کا اجلاس attend کرانے کے لیے اور وہ بھی اس صورتحال میں جب آپ نے operation شروع کیا ہوا ہے اور وہ متعلقہ وزیر ہے۔ آپ کے وزیر اعظم کو اس کو مناتے ہوئے اڑھائی سے تین مہینے لگ گئے۔ جب آپ ان کو منانے کے لیے اتنا وقت صرف کر رہے ہیں جبکہ وزیر اعظم کا وقت انتہائی قیمتی ہوتا ہے، پانچ پانچ گھنٹے صرف ایک وزیر صاحب کو وہ دیتے ہیں۔ ہمیں اس بات پر اعتراض نہیں ہے اور اب بھی وہ پتا نہیں کہ وہ راضی ہیں بھی یا نہیں کیونکہ جب سینیٹ میں 245 پر بحث ہو تو وہ اس وقت موجود نہیں ہوتے، ان کا وزیر مملکت موجود نہیں ہے اور جب سیکیورٹی کونسل کی میٹنگ ہوتی ہے تو خیبر پختونخوا کی وزیر اعلیٰ کے نہ آنے پر تنقید ہوتی ہے مگر وزیر داخلہ صاحب غائب رہتے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب غائب رہتے ہیں۔ جناب والا! آپ دوسروں پر کیا تنقید کرو گے کہ دوغلا پن ہو رہا ہے۔ ہم آپ کی پارٹی کا جھنڈا نہیں اٹھا سکتے، ہم نظام کو بچانے کے لیے آپ کے ساتھ چل سکتے ہیں۔

میرے ساتھیوں نے یہاں تفصیل سے بات کی کہ جو غلط ہو گا اس کو غلط کہیں گے۔ پولیس سے مزاحمت کے لیے سیاسی کارکنوں میں جرات ہونی چاہیے۔ ہتھیار نہیں اٹھانے چاہییں۔ ہم قادری کے point کو support نہیں کرتے۔ قادری صاحب ہوں یا کوئی xyz کوئی بھی ہو۔ ہاں تبدیل ہو سکتا ہے۔۔۔۔

(Followed by T18)

جاری۔۔۔ مختیار احمد دھامرہ ۔۔۔۔۔۔ جو نظام تبدیل ہو سکتے ہیں tenure سے، عوام کے ووٹ سے۔ عوام کے ووٹ کا تقدس پامال ہوتا رہا ہے اس ملک میں۔ آپ کو election 1997 کو بھی یاد کرنا چاہیے جب پیپلز پارٹی جیسی وفاق پرست جماعت کو صرف 17 سیٹوں تک محدود کر دیا گیا تھا وہ بھی صوبہ سندھ سے، اور اس خوش فہمی میں مبتلا ہو گئے تھے لوگ اور وہ قوتیں جنہوں نے 5 جولائی 1977 کو quo کیا تھا جمہوریت کے خلاف، جو ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دیکر اس خوش فہمی میں مبتلا ہو گئے کہ پیپلز پارٹی دفن ہو چکی گڑھی خدا بخش بھٹو کے اندر، وہی سوچ تھی جنہوں نے 1997 میں پورا الیکشن چرا لیا تھا اور پیپلز پارٹی کو سندھ تک محدود کرتے ہوئے وہی سوچ خوش فہمی میں مبتلا تھی کہ پیپلز پارٹی ایک صوبے تک محدود ہو گئی۔ آج الحمد للہ پیپلز پارٹی گلگت بلتستان اور کشمیر کی بھی حکمران پارٹی ہے۔ اور انشااللہ پیپلز پارٹی میں اتنی ہمت، جرات اور دانشمندی ہے قوتیں جس پیپلز پارٹی کو ختم کرنے کے درپے تھیں اسی پیپلز پارٹی کو ایک بار پھر پاکستان میں حکمران پارٹی دیکھنے پر مجبور ہوں گی وہ قوتیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کے ہمیں اقتدار کی کوئی جلدی ہے یا ہم اقتدار کے بھوکے ہیں۔ جلدی یہ نظام ختم ہو جائے اور ہم پھر سے اپنی باری کھیلیں۔ ہم پر یہ تنقید کی جارہی ہے کہ friendly opposition ہے۔ میرے خیال میں friendly opposition ہی اس ملک سے سب سے بڑی زیادتی ہے ۔ اگر کوئی بھی اپوزیشن friendly opposition ہو تو ہو، مگر پیپلز پارٹی عوام کے ووٹوں کے توسط سے آئے گی۔ ہم نے یہ ضرور کہا تھا کہ جو ہم نے کمزور پودا لگایا ہوا ہے اسے تناور درخت بنائیں گے۔ ہمیں فکر کیا ہے؟ ہمارے کارکن ہم سے پوچھتے ہیں کہ کیا ضرورت پڑی جب آپ پر یہ الزامات لگ رہے ہیں کہ آپ دوغلا پن کر رہے ہو۔ کیوں مشورے دے رہے ہو۔ مشورے لینے والے تو موجود ہی نہیں ہیں مگر ہم اپنا فرض پورا کر رہے ہیں۔ ہم نے یہ ضرور کہا تھا کہ پانچ سال کا tenure پورا ہو۔ ایک فرد جس کو شعور شہید ذوالفقار علی بھٹو نے دیا، انہوں نے شناختی کارڈ دیا، انہوں نے پاکستان میں بسنے والے عام آدمی کو شناخت دی اس شناخت کے behalf پر وہ ووٹ دیتا ہے۔ ہاں میں مانتا ہوں کہ election process اس لحاظ سے آزاد نہیں ہے۔ ہمارا mandate چرایا گیا مگر ہم کہتے ہیں کہ ہمارے tenure کے بعد اور جو موجودہ حکومت ہے اس کے بعد اگر کوئی دوسرا بھی وزیر اعظم بن جائے تو اس وقت بھی پیپلز پارٹی کا موقف ہو گا کہ پانچ سال کا tenure پورا ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! دوغلی پالیسی کا الزام ہم پر نہ لگایا جائے۔ ہم جب یہ کہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کے نقش قدم پر چلیں، ماضی کی تلخیوں کو چھوڑ

دیں۔اگر ماضی پر آپ نے بات کی تو مجھے دو گھنٹے چاہییں، میں کسی ایک فرد ایک ادارے پر بات کروں گا تو صرف اس کی مثالوں کے لیے مجھے دو گھنٹے کا وقت درکار ہے۔اس لیے ہم کہتے ہیں اور سعید غنی صاحب نے بالکل درست فرمایا کہ body language کی تو تکلیف ہو رہی ہے۔آپ کو کہ مار دو، شہید کر دو، میں مر جاؤں تو ان کو نہ چھوڑو، یہ اپوزیشن کی body language ہو سکتی ہے لیکن ہم اس کے حامی نہیں مگر کیا جناب چیئرمین! کوئی حکمران کوئی صوبے کا سربراہ صدر صاحب کے لیے بول سکتا ہے کہ میں گھسیٹ لوں گا، وہی انداز ہے اگر آپ ماضی کی فلمیں نکالیں۔ بازو کو اس طرح ہلا کر باتیں ہو رہی تھیں اور اس وقت بھی گلے پھاڑ پھاڑ کر باتیں ہو رہی تھیں کہ ہم گھسیٹ لیں گے، ہم یہ کر دیں گے ہم وہ کر دیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تھوڑا wined up کر لیں۔

سینیٹر مختیار احمد دھامرا :میں ختم کر رہا ہوں۔جناب چیئرمین! کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جسم کے کسی حصے اگر مقدار سے زیادہ antibiotic لی جاتی ہیں اور antibiotic medicines کا درد ختم کرنے کے لیے جلد بازی میں بہت ساری کا جواز بنا operation کے طور پر اس جسم کے ختم ہونے کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔آپ نے جو reaction کھائی جائیں تو پورے جسم میں استعمال کر لی ہیں اور اس سے antibiotic لگایا۔آپ نے حد سے زیادہ Article 245 کر اسلام آباد میں جلد بازی کا مظاہرہ کیا اور سے زیادہ کوڑے 77000 کا خطرہ ہے پورے جسم کو۔ ہم یہاں چلا کر باتیں کر رہے ہیں کیونکہ جمہوریت کی بحالی کے لیے reaction ہمارے کارکنوں کے نصیب میں ہیں۔ پھانسیاں ہمارے نصیب میں ہیں۔ گڑھی خدا بخش بھٹو کا قبرستان ہم نے آباد کیا ہے۔ کوئی جرم نہیں تھا، صرف اس نظام کی بحالی کے لیے۔اس لیے آپ ہمارے مشوروں سے خفا ہیں۔آپ ہمارے مشوروں پر جذباتی ہو جاتے ہیں۔ ہمیں طعنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ مریض کو medical board دیتے ہیں مگر پھر بھی ہم کہتے ہیں کہ جب ایک ڈاکٹر سے مرض نہ سنبھالا جائے تو کر دیتی divert ختم نہ کریں۔ مرض کو ختم کرنے کے لیے کوئی حل نکالیں۔ دو دن پڑے ہیں۔ دانشمندانہ حکمت عملیاں آدھے گھنٹے میں ہیں تمام چیزوں کو، اور نااہلیوں اور انا پرستیوں سے باہر نکلا جائے ہم آپ کے دوست ہیں۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہر حال میں آپ کی حکومت بچائیں گے۔ ہاں ہم یہ کہتے ہیں کہ نظام کی بحالی کے لیے، آپ کے دانشمندانہ اقدام کے لیے آپ کے ساتھ کھڑے رہیں گے چاہے ہمارا کتنا

ہو، چاہے لوگ کتنے ہی طعنے ماریں اور کل کی بات ہے کہ اپوزیشن لیڈر جناب خورشید احمد شاہ صاحب نے جب آپ media trial ہی کی حمایت میں بیان دیا تو ماڈل ٹاؤن سے بیان آرہے ہیں کہ خورشید شاہ صاحب اور پیپلز پارٹی کو بڑی لگی ہوئی ہے اس نظام کو بچانے کی۔ اور ادھر سے آپ ان ایوانوں میں ہم سے حسد پرستی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ہم آپ سے کہہ رہے ہیں کہ نقل کر حسد نہ کر۔ اچھی باتوں کی نقل کرو۔ میں آخر میں منیر نیازی صاحب کے شعر کا آخری مصرعہ ادا کروں گا کہ:

کج شہر دے لوگ وی ظالم سن

کج سانوں مرن دا شوق وی سی

ایسے نہ کریں، کچھ وہ بھی ظالم ہے مگر آپ بھی اپنا خیال کریں کیونکہ آپ نہیں جائیں گے آپ کے ساتھ نظام کے جانے کا خطرہ ہے اور اگر نظام کو خطرہ ہوا تو ہم یہ وعدہ کرتے ہیں اس ایوان سے، ہم سیاسی کارکن کہ ایک مرتبہ پھر پیپلز پارٹی کو کوڑے کھانے، پھانسی چڑھنے اور جان دینے کی اگر ضرورت پڑی تو ہم ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Minister for Parliamentary Affairs to wind up the motion.

Winding Up of the Discussion on Imposition of Article-245 by Sheikh Aftab Ahmed, Federal Minister for Parliamentary Affairs

جناب شیخ آفتاب احمد: (وزیر برائے پارلیمانی امور) جناب چیئرمین! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ Article 245 اور آج کل کی جو political situation ہے اس کے حوالے سے بھی کافی تقاریر کی گئیں، بہت سی اچھی آرا سامنے آئیں۔ مجھے 1990 کا وہ وقت بھی یاد ہے کہ جب میاں نواز شریف صاحب وزیراعظم پاکستان تھے اور محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ Leader of the Opposition تھیں۔ Seats تو ساتھ ساتھ تھیں مگر منہ دوسری طرف ہوتے تھے ایک دوسرے سے بات کرنا بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔ اور پھر 1993 میں جب محترمہ وزیراعظم بنیں اور نواز شریف صاحب Leader of the Opposition بنے تب بھی صورت حال جوں کی توں رہی۔ لیکن جناب چیئرمین! وقت انسان کو بہت کچھ سکھلا دیتا ہے۔ تاریخ کے

اوراق الٹنے سے پتا چلتا ہے کہ تاریخ میں ہر حکومت کے خلاف جب سے یہ دنیا بنی سازشوں کے جال پھیلائے گئے، سازشیں ہوتی رہیں، حکومتیں بدلتی رہیں اور حکومتیں چلتی رہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری بدقسمتی تھی کہ قائداعظمِ محمد علی جناح صاحب کی وفات کے بعد پاکستان ایک تجربہ گاہ بن گیا۔یہاں پر مختلف حکومتیں آتی رہیں،آئین کو پامال کرتی رہیں،قانون کی دھجیاں اڑتی رہیں،پارلیمنٹ ٹوٹتی رہی اور اس طریقے سے یہ معاملات آگے چلتے رہے اور یہ بات بالکل صحیح ہے اس میں کوئی شک والی بات نہیں کہ ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی پھانسی بھی اس لیے ہوئی کہ وہ جمہوریت،آئین اور قانون کی بالادستی کی بات کرتے تھے اور اس کے بعد جب یہ معاملات آگے چلتے رہے، الیکشن ہوئے،دو اڑھائی سال کے بعد اسمبلی کو گھر بھیج دیا گیا اور یہاں تک الزامات کی بوچھاڑ ہوتی تھی

جاری۔۔۔۔T10

T19-12Aug14 ZAFAR/Ed.Mohsin 230 PM

شیخ آفتاب۔۔۔۔یہ معاملات آگے چلتے رہے۔اس میں شک والی کوئی بات نہیں کہ ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو پھانسی اس لیے ہوئی کہ وہ جمہوریت،آئین اور قانون کی بالادستی کی بات کرتے تھے۔اس کے بعد معاملات آگے چلتے رہے،elections ہوئے اور دو،اڑھائی سال بعد مسلم لیگ کو گھر بھیج دیا گیا۔الزامات کی بوچھاڑ ہوتی تھی، بار بار کہا جاتا تھا کہ یہ منتخب نمائندے corrupt اور نااہل ہیں لیکن جناب چیئرمین! بالآخر وقت نے ہمیں یہاں پہنچا دیا ہے کہ آج پاکستان میں جتنی بھی سیاسی جماعتیں ہیں،ان کی آپس میں ایک نکتے پر مکمل طور پر ہم آہنگی ہے کہ اب انشااللہ ملک میں آئین اور قانون کی بالادستی ہو گی۔ پارلیمنٹ جو فیصلے کرے گی، تمام اداروں کو فیصلے ماننے پڑیں گے۔ جناب چیئرمین! یہ سفر آسانی سے نہیں کٹا،اس میں یقینی طور پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (نواز) دونوں کا بڑا اہم کردار ہے۔ بینظیر صاحبہ کی پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت گئی،ان کو زیر حراست لیا گیا اور اس کے بعد میاں نواز شریف صاحب کی حکومت گئی اور ان کو بھی زیر حراست لیا گیا۔ محترمہ بینظیر بھٹو کو جلاوطنی کی زندگی گزارنی پڑی اور میاں نواز شریف صاحب کو بھی پہلے اٹک قلعے میں اور اس کے بعد جلاوطنی کی زندگی گزارنی پڑی۔

جناب چیئرمین! ان دونوں خاندانوں کی تاریخ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے، یہ قربانیوں کی داستان ہے۔ جناب چیئرمین! اٹک قلعہ میری constituency اور میرے علاقے میں ہے، ایک چھوٹا سا تاریک کمرہ جس میں ایک چارپائی اور ایک کرسی تھی۔ اس میں ایک سال سے زائد مدت کا وقت نواز شریف صاحب نے گزارا مگر کبھی نہیں کہا کہ یہاں گرمی، سردی یا مچھر ہیں۔ ایک ہی تہیہ کیے ہوئے تھے کہ خدا کرے پاکستان میری زندگی میں دنیا کا ایک عظیم ملک بن جائے۔ بالآخر جلاوطنی کی زندگی گزارنے کے بعد دونوں بڑی جماعتوں کے قائدین نے لندن میں بیٹھ کر ایک معاہدہ کیا۔ اس معاہدے میں یہ کہا گیا کہ اب ہم جمہوری نظام کو چلانے کے لیے ایک ایجنڈے اور آئین کی بالادستی کے ایک نکتے پر متفق ہیں۔ جناب چیئرمین! اس کے بعد دونوں قائدین واپس آئے لیکن یہ تاریخ کی بدقسمتی تھی کہ محترمہ کی زندگی زیادہ دیر تک ان سے وفا نہ کر سکی۔ ان کی جماعت برسر اقتدار آئی اور پچھلے پانچ سال پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت تھی اور ہم opposition میں تھے۔ آج میرے بھائی جس بات کا ذکر کر رہے ہیں کہ ہم کو friendly opposition کا طعنہ دیا جاتا ہے، جناب چیئرمین! پچھلے پانچ سال ہم بھی یہی طعنہ سنتے رہے لیکن friendly opposition کا یہ مطلب نہیں تھا کہ ہم ہر policy کی حمایت کرتے تھے۔ جہاں پر ہمارا اختلاف ہوا، opposition بھرپور انداز سے اپنا کردار ادا کرتی رہی۔ صرف ایک نکتے پر متفق تھے یعنی کہ یہ منتخب حکومت ہے، یہ اپنے پانچ سال پورے کرے اور خدا کا شکر ہے کہ اس نے پانچ سال پورے کیے۔ آج پھر میاں نواز شریف صاحب کی حکومت بنی اور میں سمجھتا ہوں کہ خورشید شاہ صاحب اور پیپلز پارٹی کا ایک بڑا ہی positive role ہے اور وہ role نواز شریف صاحب کی حکومت کو بچانے کے لیے نہیں ہے۔ وہ اس ملک میں آئین کی بالادستی اور جمہوری اداروں کو بچانے کے لیے ہے۔ آج اللہ کا شکر ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں ایک نکتے پر متفق ہو چکی ہیں۔

جناب چیئرمین! ایک شخص جس نے کینیڈا کی شہریت اختیار کر رکھی ہے اور اُس ملک سے وفاداری کا حلف اٹھایا ہوا ہے، آج وہ پاکستان میں آکر انقلاب کی بات کرتا ہے۔ یہ ہمارے لیے افسوس ناک نہیں تو اور کیا ہے کہ وہ آج ہماری قسمت کا فیصلہ کرنے کے لیے آگیا ہے۔ جناب چیئرمین! کیا چند ہزار لوگوں کو اکٹھا کر کے پاکستان کے مستقبل کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے؟ تاریخ بتاتی ہے کہ سازشی عناصر کو ڈھونڈا جاتا تھا کہ کون سازشیں کر رہا ہے لیکن آج وہ عناصر برملا television پر آکر کہہ رہے ہیں کہ ہم وہ لوگ ہیں جو اس ملک کے اس نظام کو تباہ و برباد کرنا چاہتے ہیں۔ اگر میاں نواز شریف، شہباز شریف یا شریف خاندان کے ساتھ ان کی ذاتی عداوت ہے تو خدارا! جمہوریت کو تو

بربادنہ کریں،آئین کی دھجیاں تو نہ اڑائیں اور قانون کو تو نہ توڑیں۔ وہ TV پر آکر برملا یہ کہتے ہیں کہ ہم ہیں وہ لوگ جنہوں نے ان کو آپس میں جوڑ دیا ہے۔ یہ کتنے دکھ کی بات ہے کہ جن کو آپس میں جوڑا ہے، اگر قادری صاحب کی پارٹی نہیں ہے، ان کے پاس vote bank نہیں ہے تو عمران خان صاحب کے پاس تو vote bank ہے، ان کی خیبر پختونخوا میں حکومت ہے۔ آپ کو پختونخوا میں mandate ملا اور قومی اسمبلی میں اکتیس seats مل گئیں تو سب اچھا ہے۔ اگر mandate خراب تھا تو آپ نے یہاں پر آکر حلف کیوں لیا اور وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف کو کیوں مبارک باد پیش کی؟ آج سوا سال کے بعد آپ کو احساس ہوا کہ دھاندلی ہو گئی ہے اور ووٹوں کا اندراج غلط ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین! پشاور کی seat کس نے جیتی تھی اور جب آپ نے وہ seat چھوڑی تو بلور صاحب نے وہ seat جیت لی تو کیا وہاں پر بھی دھاندلی ہوئی ہے؟ وہاں پر آپ کی اپنی حکومت ہے۔ میانوالی آپ کا اپنا گھر ہے، وہاں کی seat آپ نے چھوڑی تو پاکستان مسلم لیگ (ن) نے وہ seat جیت لی۔ کیا وہاں بھی دھاندلی ہوئی ہے؟ خدارا! پاکستان کو بچائیں، یہاں کے اٹھارہ کروڑ لوگوں کے حقوق پر ڈاکہ نہ ڈالیں۔ ہم نے شکر ادا کیا ہے کہ پاکستان ایک منزل کی طرف چل پڑا ہے۔ احتساب کا راستہ جمہوریت میں موجود ہے۔ یہ حکومت جس میں میاں نواز شریف صاحب کا vision ہے کہ ہم نے پاکستان کو دنیا کا عظیم ملک بنانا ہے۔ یہاں پر ہم نے motorways بنانی ہیں۔ خنجراب سے لے کر گوادر تک سڑکیں تعمیر کرنی ہیں۔ ہم نے بجلی کے جو 24000 mega watt کے منصوبے شروع کیے ہیں، ان کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ Stock Exchange بلندیوں کو چھو رہا ہے اور اس کے حالات بہتر ہو رہے ہیں۔ ڈالر کی قیمت کم ہو رہی ہے، زر مبادلہ کے ذخائر بڑھ رہے ہیں اور ہماری exports بڑھ رہی ہیں۔ خدا کا واسطہ ہے، احتساب کا راستہ موجود ہے، اگر مزید چار سال گزرنے کے بعد یہ حکومت deliver نہ کر سکی تو خود بخود reject ہو جائے گی۔ لوگ ان کو خود بخود گھر بھیج دیں گے لیکن یہ کون سا طریقہ ہے؟ آپ قومی اسمبلی کے ممبر ہیں اور یہ وہ ایوان ہے جہاں پر پورے پاکستان کے مقدر کے فیصلے کیے جاتے ہیں۔ جہاں سے تمام اداروں کو طاقت ملتی ہے۔ یہیں سے پاکستان کے تمام آئینی ادارے طاقت لیتے ہیں۔ آپ یہاں آئیں، بیٹھیں، بات کریں، آپ کو سڑکوں سے کیا ملے گا؟ تباہی ملے گی۔ اگر خدانخواستہ آپ کے لوگ یہاں کسی کی بسوں کو جلا دیتے ہیں تو کس کا نقصان ہو گا؟ اگر آج لوگوں کے لیے راستے بند ہو گئے ہیں تو یہ کس کا نقصان ہے؟ پوری دنیا میں احتجاج ہوتے ہیں لیکن یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! کتنی بد قسمتی کی بات ہے کہ television پر پوری دنیا سن رہی ہے کہ آج کل کن جذبات کا اظہار کیا جارہا ہے۔ یہ تو وہ لوگ کرتے ہیں جن کی ذاتی عداوت ہوتی ہے یا جن کے خاندانوں کی آپس میں دشمنیاں ہوتی ہیں، یہ باتیں تو وہ لوگ کرتے ہیں۔ کیا جمہوری لوگ بھی ایسی باتیں کرتے ہیں؟ جمہوری انداز میں ایسی باتیں نہیں کی جاتیں۔ اس کا واحد حل یہ ہے کہ ہم نے اس راستے پر چلنا ہے۔ پوری دنیا میں جہاں جمہوریت ہے، ان کا اپنا طریقہ کار ہے کہ آپس میں elections بھی لڑتے ہیں اور ایک دوسرے کو ہار بھی پہنا دیتے ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر آج Article 245 کی بات کی گئی ہے تو یہ خدانخواستہ اس لیے تو نہیں ہے کہ ہم نے عمران خان کا جلوس روکنا ہے۔۔۔۔ جاری۔۔۔

T20-12ASUG2014.....FANI\ED(Javaid).....2.40PM

آفتاب احمد شیخ (جاری)

جناب چیئرمین! کتنی بد قسمتی کی بات ہے کہ ٹیلیویژن پر پوری دنیا سن رہی ہے کہ آج کل کن جذبات کا اظہار کیا جارہا ہے۔ یہ تو وہ لوگ کرتے ہیں جن کی کوئی ذاتی عداوت ہوتی ہے، جن کے خاندانوں کی دشمنی چلتی ہے یہ باتیں تو وہ لوگ کرتے ہیں۔ کیا جمہوری لوگ بھی ایسی باتیں کرتے ہیں؟ جمہوری انداز میں تو ایسی باتیں نہیں کی جاتیں۔ اس کا تو واحد حل یہی ہے کہ ہم نے اس راستے پر چلنا ہے۔ پوری دنیا میں آج جہاں بھی جمہوریت ہے ان کا اپنا ایک طریقہ کار ہے۔ الیکشن بھی آپس میں لڑتے ہیں اور ایک دوسرے کو ہار بھی پہنا دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اگر آج Article 245 کی بات کی گئی ہے تو یہ خدانخواستہ اس لیے تو نہیں ہے کہ ہم نے عمران خان کا جلوس روکنا ہے۔ یہ تو ان sensitive places کے لیے ہیں جن میں سپریم کورٹ آف پاکستان ہے، پارلیمنٹ یہاں پر ہے، سفارتکاروں کی رہائش گاہیں یہاں پر ہیں، آپ کا ISI کا ہیڈ کوارٹر یہاں پر ہے یہ تو ان کی حفاظت کے لیے ہے اگر خدانخواستہ جو لوگ ان کے ساتھ آتے ہیں تو یہ ضروری تو نہیں کہ ان میں کوئی تخریب کار نہیں ہوگا، ان میں کوئی دہشت گرد نہیں ہوگا۔ اگر ان ہی کے جلوس کے ساتھ کوئی دہشت گرد داخل ہو جاتے ہیں اور وہ ان جگہوں پر پہنچ جاتے ہیں تو پھر ان کو نکالنا کیا کوئی آسان بات ہو گی! اگر نکالیں گے بھی تو بہت بڑا نقصان کر کے نکالیں گے۔ اس لیے ہم نے Article 245 کا اطلاق کیا۔ یہ عوامی ریلیوں کے لیے نہیں ہے۔ ہم نے یہ جو قدم اٹھایا ہے صرف ان جگہوں کے لیے اٹھایا ہے کیونکہ ان کی حفاظت کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

جناب چیئرمین! اگر ان لوگوں کے حقوق ہیں جو آج جلسے جلوسوں کی باتیں کرتے ہیں تو کیا پاکستان کے وہ شہری جو امن چاہتے ہیں ان کے کوئی حقوق نہیں ہیں۔ کیا حکومت کی یہ ذمہ داری نہیں ہو گی کہ ان کی جان و مال اور عزت کا تحفظ کرے۔ اس لیے میں یہ کہتا ہوں کہ آج پورے پاکستان کے اندر تمام سیاسی جماعتیں متفق ہیں کہ جمہوریت کو چلنا چاہیے۔ آئین کی بالادستی ہونی چاہیے، عدلیہ کی آزادی ہونی چاہیے۔ کتنی بد قسمتی کی بات ہے کہ آج پاکستان کی دلیر اور غیور فوج پاکستان سے دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کے لیے سرحدوں پر لڑائی کر رہی ہے اور ہم اپنے ملک کے اندر امن وامان کی صورت حال خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آج تو چاہیے یہ تھا کہ ان مشکل حالات میں اٹھارہ کروڑ عوام، تمام سیاسی پارٹیاں اپنی فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوتے۔ پوری پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ میں آپ کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں اور ان لوگوں سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ خدارا! سڑکوں کی بجائے پارلیمنٹ میں آئیں اور یہاں بات کریں، انتظار کریں الیکشن ہو گا قوم جو بھی فیصلہ کرے گی وہ سب کے لیے قابل قبول ہو گا۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: The motion has been talked out. The House is adjourned to meet again on Monday, the 18th August, 2014 at 4.00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 18th August, 2014 at 4.00 p.m.]

Index

Engr. Khurram Dastgir Khan 4, 10, 12, 13, 14, 15, 20, 25, 31

Engr. Khurram Dastgir Khan (Minister of Commerce) 4

Mr. Zahid Hamid 7, 8, 17, 18, 36

Nawabzada Saifullah Magsi..... 25

Senator Mian Raza Rabbani ..... i, 39, 40

Senator Mushahid Hussain Sayed ..... i, 37

Senator Nawabzada Saifullah Megsi 30

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq 39, 40

Shaikh Aftab Ahmed 38, 39

انجنیئر خرم دستگیر خان 21, 23, 24

انجینئرخرم دستگیر خان 11

انجینئر خرم دستگیر خان 19

جناب تاج حیدر 18, 27

جناب خرم دستگیر خان 26, 27, 28, 29, 30

جناب زاہد حامد..... 6, 8, 19, 34, 35

(جناب زاہد حامد (وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی 6

جناب شیخ آفتاب احمد 79

سینیٹر افراسیاب خٹک 52, 54

سینیٹر امرجیت 35, 36

ملک سینیٹر اے رحمٰن 47

سینیٹر باز محمد خان 19, 20

سینیٹر پروفیسر ساجد میر 14, 21

سینیٹر تاج حیدر 24, 27, 40, 43

سینیٹر حاجی محمد عدیل 13, 19

سینیٹر ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو 63

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق 34

سینیٹر رحمان ملک 50

سینیٹر سعید غنی 9, 10, 12, 13, 26, 68, 69, 74

سینیٹر عبدالقیوم سومرو 67, 68

سینیٹر کریم احمد خواجہ 56, 58

سینیٹر کلثوم پروین 58, 61

سینیٹر مختیار احمد دھامرا 75, 78

سینیٹر مولا بخش چانڈیو 23

سینیٹر میاں رضا ربانی 3, 5

نزہت صادق سینیٹر 9, 16

مگسی سینیٹر نوابزادہ سیف اللہ 29, 31, 32

سینیٹراے رحمٰن ملک 46